قرآنی نظامِ ربوبیت کا پیامبر
اشاعت کا بہتّرواں سال
ماہنامہ

طلوعِ اسلام

دسمبر 2015ء
لاہور

علامہ اقبالؒ کے ایماء اور قائداعظمؒ کی خواہش پر 1938ء سے شائع ہونے والا ماہنامہ

اپنے میں حوصلہ پیدا کیجیے، موت سے خوف نہ کھایئے ہمارے مذہب نے یہی سکھایا ہے کہ ہمیشہ موت کے لیے تیار رہنا چاہیے، پاکستان اور اسلام کی عزت بچانے کے لیے ہمیں موت کا مقابلہ بہادری سے کرنا چاہیے، مسلمان کے لیے اس سے بہتر وسیلہءنجات اور کوئی نہیں ہوسکتا کہ حق کی خاطر شہید کی موت مرے۔

(جلسہ عام لاہور۔30 اکتوبر 1947ء)

جلد 68 | شمارہ نمبر 12 | دسمبر 2015ء

ماہنامہ
طلوع اسلام
لاہور

ناشر و چیئرمین: محمد اکرم راٹھور

مجلسِ ادارت: ڈاکٹر انعام الحق، ڈاکٹر منظور الحق، خواجہ ازہر عباس

مدیر انتظامی: محمد سلیم اختر

قانونی مشیر: ملک محمد سلیم ایڈووکیٹ

زرِ تعاون	40 روپے فی پرچہ
پاکستان	-/450 روپے سالانہ
بیرون ملک	2500 روپے سالانہ

اس شمارے میں

عنوان	مصنف	صفحہ نمبر
لمعات	ادارہ	4
شرک کی غیر محسوس شکلیں	غلام احمد پرویز	6
اسلامی تاریخ کی گم شدہ کڑی	ترجمہ: شیخ اللہ دتا	8
پرویز صاحب کا نظریہ اسلامی مملکت (قسط سوم)	منظور حسین لیل	13
رُوداد ادارہ طلوع اسلام کنونشن 2015ء	ادارہ	32
معراج نبوی ﷺ کے دو رُخ	ادارہ	42
جہاں میں آگ لگاتی پھرے گی بولہبی	خواجہ ازہر عباس	50

ENGLISH SECTION

Surah *Al-Takwir* (التکویر) – *Durus-al-Qur'an* By G.A.Parwez
Parah 30: Chapter 13 Translated by: Dr. Mansoor Alam 58

Bank Account Idara Tolu-e-Islam

For Domestic Transactions
Bank A/C No: 0465-22-003082-7

For International Transactions
IBAN: Pk21 NBPA 0465 0022 0003 0827
Swift Code : NBPAPKKAA02L

National Bank of Pakistan Main Market, Gulbarg Lahore

ادارہ طلوع اسلام (رجسٹرڈ) کی مطبوعات سے حاصل شدہ جملہ آمدن قرآنی فکر عام کرنے پر صَرف کی جاتی ہے

ادارہ طلوع اسلام B-25 گلبرگ نمبر 2، لاہور۔ 54660، (پاکستان)
فون: 042-35714546 E-mail: idarati@gmail.com

اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز سے چھپوا کر B-25، گلبرگ II لاہور سے شائع کیا

طلوعِ اسلام

عقابی شان سے جھپٹے تھے جو، بے بال و پر نکلے
ستارے شام کے خونِ شفق میں ڈوب کر نکلے
ہوئے مدفونِ دریا زیرِ دریا تیرنے والے
طمانچے موج کے کھاتے تھے جو، بن کر گہر نکلے
غبارِ رہ گزر ہیں، کیمیا پر ناز تھا جن کو
جبینیں خاک پر رکھتے تھے جو، اکسیر گر نکلے
ہمارا نرم رو قاصد پیامِ زندگی لایا
خبر دیتی تھیں جن کو بجلیاں وہ بے خبر نکلے
حرم رسوا ہوا پیرِ حرم کی کم نگاہی سے
جوانانِ تتاری کس قدر صاحب نظر نکلے
زمیں سے نوریانِ آسماں پرواز کہتے تھے
یہ خاکی زندہ تر، پائندہ تر، تابندہ تر نکلے
جہاں میں اہلِ ایماں صورتِ خورشید جیتے ہیں
اُدھر ڈوبے اِدھر نکلے، اِدھر ڈوبے اُدھر نکلے
یقیں افراد کا سرمایۂ تعمیرِ ملت ہے
یہی قوت ہے جو صورت گرِ تقدیرِ ملت ہے

(بانگِ درا۔ علامہ اقبالؒ)

(جاری ہے)

لمعات۔ادارہ

قائداعظمؒ کا ایک نایاب انٹرویو

(امسال قائداعظمؒ کی سالگرہ کی مناسبت سے ہم قائداعظمؒ کا ایک نایاب انٹرویو مکرّر اس کی اہمیت کے پیشِ نظر پیش کررہے ہیں جو مرحوم مقبول محمود فرحت کی تحقیق اور جستجو کے نتیجہ میں دستیاب ہوا ہے۔ یہ نایاب انٹرویو روزنامہ انقلاب لاہور مورخہ 8 جنوری 1942ء میں شائع ہوا تھا۔ پاکستانیات کے طالب علموں اور دانش ور حضرات کے لئے بہت مفید اور مددگار ثابت ہوگا۔ مدیر)

نقل بمطابق روزنامہ انقلاب' 8 جنوری 1942ء

(سرورق اصل میں 8 دسمبر 1942ء غلط پرنٹ ہے تاہم لاہور میوزیم لائبریری نے اسے کاٹ کر 8 جنوری کیا ہوا ہے کیونکہ اندر کے تمام صفحات میں 8 جنوری کی تاریخ پرنٹ ہے۔)

(صفحہ نمبر 2 پر خبر)

مسلمانوں کا نقطۂ نگاہ

پاکستان کے مسلمان کسی دوسرے اسلامی ملک کو دعوت نہیں دیں گے

مذہب اور مذہبی حکومت کے لوازم کے متعلق قائداعظم کے ارشادات

قائداعظم مسٹر محمد علی جناح حیدرآباد تشریف لائے تھے تو فوراً 19 اگست 1941ء کو راک لینڈ کے سرکاری مہمان خانے میں آپ نے طلباء اور دیگر نوجوانوں کو تبادلۂ خیالات کا موقع عنایت فرمایا تھا' باوجود علالت کے پون گھنٹہ سے زائد وہ حاضرین سے گفتگو فرماتے رہے۔ اس موقع پر نواب بہادر یار جنگ بھی وہیں تشریف فرما تھے اور بعض ہندو نوجوان بھی۔ قائداعظم نے مختلف سوالات کا خندہ پیشانی سے جواب دیا۔ مسٹر محمود علی بی۔اے (عثمانیہ) نے اس مکالمہ کو سوال وجواب کی صورت میں حسب ذیل طریقہ سے مرتب کرلیا تھا اور اب قائداعظم کی سالگرہ کی تقریب سعید کے موقع پر اورینٹ پریس کو دے دیا ہے۔

سوال: مذہب اور مذہبی حکومت کے لوازم کیا ہیں؟

جواب: جب میں انگریزی زبان میں مذہب Religion کا لفظ سنتا ہوں تو اس زبان اور محاورے کی رو سے‘ میرا ذہن لامحالہ خدا اور بندے کے باہمی پرائیویٹ تعلق کی طرف منتقل ہوجاتا ہے لیکن میں خوب جانتا ہوں کہ اسلام کے نزدیک مذہب کا یہ محدود اور مقید مفہوم نہیں۔ میں نہ کوئی مولوی ہوں نہ مُلّا۔ نہ مجھے دینیات میں مہارت کا دعویٰ ہے۔ البتہ میں نے قرآن مجید اور قوانین اسلام کے مطالعہ کی اپنے طور پر کوشش کی ہے۔ اس عظیم کتاب کی تعلیمات میں انسانی زندگی کے ہر باب کے متعلق ہدایات موجود ہیں۔ زندگی کا روحانی پہلو ہو یا معاشرتی‘ سیاسی ہو یا معاشی‘ غرضیکہ کوئی شعبہ ایسا نہیں جو قرآنی تعلیمات کے احاطہ سے باہر ہو۔ قرآن کریم کی اصولی ہدایات اور طریق عمل نہ صرف مسلمانوں کے لئے بہترین ہیں بلکہ اسلامی حکومت میں غیر مسلموں کے لئے حسن سلوک اور آئینی حقوق کا جو حصہ ہے اس سے بہتر کا تصور ناممکن ہے۔

سوال: اس سلسلے میں اشتراکی حکومت وغیرہ کے باب میں آپ کی کیا رائے ہے؟

جواب: اشتراکیت۔ بالشویت یا کئی اور ایسے سیاسی اور معاشی مسلک دراصل اسلام اور اس کے نظام سیاست کی غیر مکمل اور بھونڈی سی نقلیں ہیں۔ ان میں اسلامی نظام کے اجزاء کا سا ربط‘ تناسب اور توازن نہیں پایا جاتا۔

سوال: ترکی حکومت تو ایک مادی اسٹیٹ یا حکومت ہے۔ اس سے اسلامی حکومت مختلف ہے۔ آپ کا کیا خیال ہے؟

جواب: ترکی حکومت پر میری نظر میں سیکولر اسٹیٹ (مادی یا لازمی حکومت) کی سیاسی اصطلاح اپنے پورے مفہوم میں منطبق نہیں ہوتی۔ اب رہا اسلامی حکومت کے تصور کا امتیاز یہ صاف ظاہر ہے۔ حکومت کے تصور کا بنیادی امتیاز پیش نظر رہے کہ ’’**اطاعت اور وفاکیشی کا مرجع خدا کی ذات ہے اس کی تعمیل کا ذریعہ قرآن مجید کے احکام اور اصول ہیں۔ اسلام میں اصلاً نہ کسی بادشاہ کی اطاعت ہے نہ کسی پارلیمان کی‘ نہ کسی اور شخص یا ادارہ کی۔ قرآن مجید کے احکام ہی سیاست‘ معاشرت میں ہماری آزادی اور پابندی کے حدود متعین کرتے ہیں۔ اسلامی حکومت دوسرے الفاظ میں قرآنی اصولوں اور احکام کی حکمرانی ہے۔ آپ جس نوعیت کی بھی حکمرانی چاہتے ہوں بہرحال آپ کو سلطنت اور علاقہ کی ضرورت ہے۔**‘‘

(اورینٹ پریس‘ بحوالہ روزنامہ انقلاب لاہور‘ مورخہ 8 جنوری 1942ء)

ادارہ کا آفیشل فیس بک پیج

درجِ ذیل فیس بک پیج کو لائک (Like) کرنے سے آپ ادارہ کے متعلق تازہ خبریں، رپورٹس اور آن لائن رسالہ کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔ www.facebook.com/TalueIslam

ادارہ

شرک کی غیر محسوس شکلیں

ان محسوس شکلوں کے علاوہ، قرآنِ کریم شرک کی ایک ایسی شکل بیان کرتا ہے جسے انسان کی آنکھ بھانپ نہیں سکتی تھی۔ اس غیر محسوس شئے کو شرک قرار دینا صرف اس خدائے علیم و بصیر کا کام ہے جو دل کی گہرائیوں میں گزرنے والے خیالات سے بھی واقف ہے۔ فرمایا:

اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ؕ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ۝ (25:43)

کیا تُو نے اس کو بھی دیکھا جس نے اپنی خواہشات ہی کو اپنا اِلٰہ بنالیا۔ تو کیا تو اس کی نگرانی کر سکتا ہے؟

دوسری جگہ ہے:

اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ (45:23)

کیا تُو نے اس کی حالت پر بھی غور کیا جس نے اپنی خواہشات ہی کو اپنا اِلٰہ بنالیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ قانونِ خداوندی نے، اسے باوجود علم کے، گمراہ کر دیا اور اس کے کانوں پر اور قلب پر مہر لگادی اور اس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا۔ حقیقت یہ ہے کہ صحیح راستہ کی طرف راہ نمائی اللہ کے قانون کے مطابق ہی حاصل ہو سکتی ہے۔ کیا تم پھر بھی نصیحت نہ حاصل کرو گے؟

ان آیاتِ مقدّسہ کو سامنے رکھئے اور پھر کسی عصرِ حاضر کی مہذّب دنیا پر نگاہ ڈالیے اور کبھی اپنے دل کے نرم ترین گوشوں کو ٹٹولیے اور دیکھئے کہ حقائق و بصائر کی کتنی دنیائیں اس ایک ٹکڑے کے اندر پوشیدہ ہیں۔ ہم پہلے دیکھ چکے ہیں کہ قرآن کا ارشاد ہے کہ ایک سے زیادہ اِلٰہ مقرر کر لینے سے فساد رُونما ہو جاتا ہے۔ غور کیجئے کہ آج یہ جو ہر طرف فساد ہی فساد رونما ہو رہا ہے تو کیا اس کی یہی وجہ نہیں کہ ہر انسانی قلب، صنم کدہ بن رہا ہے؟ ہر گروہ اور ہر قوم اپنی اپنی خواہشات کو خدا بنائے بیٹھی ہے اور اس ''خدائے خواہشات و جذبات'' کے تغلب و تسلط میں جائز و ناجائز کی کوئی تمیز باقی نہیں رکھتی؟ جائز (بقول لینن ومیکیاولی) وہ ہے جس سے مقصد حاصل ہو جائے اور ناجائز وہ جو حصولِ مقاصد میں مُخل ہو۔ یہ ہیں وہ بُت جنہوں نے دنیا کو جہنّم بنا رکھا ہے۔ ان بُتوں کی تعمیر کسی سنگ تراش کے ہاں نہیں ہوتی، بلکہ یہ ذہنِ انسانی کے کارخانے میں ڈھلتے ہیں۔ ان کا مسکن کوئی مندر نہیں، قلبِ انسانی ہے۔ مال اور اولاد کا بت، عزّت و جاہ کا بُت، دولت و ثروت کا بُت، حکومت و سلطنت کا بُت، ملک و نسب کا بُت اور خدا جانے کون کون سے لات و منات اور کون کون سے ہبل و عزیٰ انسانی دماغ میں ہر آن تراشے جاتے ہیں۔

می تراشد فکرِ ما ہر دم خداوندے دگر\
رست از یک بند تا اُفتاد در بندے دگر (اقبال)

(ہماری فکر ہر لمحہ ایک نیا خداوند تراشتی ہے۔ایک کی غلامی سے آزاد ہوتی ہے تو دوسرے کی قید میں جا پھنستی ہے۔ترجمہ: س۔ا)

یہ شرک کی وہ خوفناک اور بھیانک گھاٹی ہے جہاں سے پھسل کر انسان سیدھا ہلاکت اور بربادیوں کے ہولناک جہنّم میں جا گرتا ہے۔قرآن نے کہا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو، باوجود علم کے گمراہ ہوجاتے ہیں۔علم، حق و باطل میں امتیاز کرتا ہے لیکن جب جذبات عقل پر غالب آجائیں اور خواہشات دماغ پر قابو پالیں، تو پھر علم و عقل کبھی صحیح راستہ نہیں دکھا سکتے۔اس مقام پر پہنچ کر انسان کے کان خطرات کی گھنٹیوں کی طرف سے بہرے ہوجاتے ہیں۔اس کی آنکھوں پر پردے پڑ جاتے ہیں۔اس کا قلب زنگ آلود ہوجاتا ہے اور وہ اپنے اعمال کے نتائج و عواقب کو نہیں دیکھ سکتا۔بقول برنارڈ شا ''یورپ جذبات کے دھارے پر بہے چلا جارہا ہے اور نہیں سوچتا کہ اس کا دہانہ کونسی ہلاکتوں کا سمندر ہے۔ ❶ ''یورپ میں علم کی کمی نہیں لیکن سارا علم اسی تگ ودو میں صرف ہورہا ہے کہ اپنے تغلّب اور دوسروں کی ہلاکت کے لئے کون کونسے طریقے سب سے زیادہ مؤثر اور سریع النفوذ ہوسکتے ہیں۔آج نوعِ انسانی پر خدا کی زمیں اس درجہ تنگ ہونے کی یہی وجہ ہے کہ علم، جذبات کے تابع چل رہا ہے۔انسان نے اپنی خواہشات ہی کو اپنا معبود بنا رکھا ہے۔علم اگر الٰہِ حقیقی اور ربُّ العالمین کے قوانین کے ماتحت جہانبانی کرے، تو یہی دوزخ جنّت بن جائے۔علم اس وقت بھی توپ اور بارود بنانے کی تراکیب سوچے گا، لیکن توپ بن جانے کے بعد اس کا رُخ انسانی مفاد پرستیوں کی رُو سے متعیّن نہیں ہوگا۔اس بات کا فیصلہ کہ توپ ظالم کا ظلم روکنے کے لیے استعمال کی جائیگی یا اس کا نشانہ کمزور اور ناتواں قوموں کا مسکن ہوگا، توپ بنانے والا نہیں کریگا، بلکہ کوئی اور قوّت کریگی۔یہی وہ مقام ہے جہاں انسان کو آسمانی ہدایت اور وحی کی ضرورت پڑتی ہے۔جب انسان اپنے علم کے ماحصل کو خدا کے قوانین کے ماتحت استعمال کریگا تو یہی علم جو آج انسانیت سوز بن رہا ہے، انسانیت ساز بن جائیگا اور اس وقت لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا صحیح مفہوم سمجھ میں آجائے گا۔

اِلٰہِ حقیقی کی جو صفات گذشتہ صفحات میں آپ کے سامنے آئی ہیں، ان پر ایک دفعہ پھر نگاہ ڈالئے اور دیکھئے کہ زندگی کا کوئی گوشہ بھی ایسا رہ جاتا ہے جس کے لئے کسی اور ''اِلٰہ'' کی تلاش رہے۔(1) زندگی بخشنے والا، (2) پرورش کرنے والا، (3) رزق دینے والا، (4) امن و سلامتی عطا فرمانے والا، (5) ہر وقت نگہبان، (6) بگڑی بنانے والا، (7) ہر معاملہ میں کار ساز، (8) وہ جس پر کامل بھروسہ کیا جاسکے، (9) جسے مایوسیوں میں پکارا جائے، (10) جس کے قبضہ میں نفع ونقصان ہو، (11) جو حاضر و غائب کا علم رکھتا ہو، (12) سب پر غالب، (13) عظمتوں کا مالک، (14) ہر عیب سے منزہ، (15) مالک الملک، (16) شہنشاہِ حقیقی، (17) جس کی زندگی کے لیے فنا نہ ہو، (18) جس کے سب محتاج ہوں۔کیا اس ہستی کے علاوہ کوئی اور ہستی بھی اس قابل ہے کہ اس کی عبودّیت اختیار کی جائے، اس کی محکومیّت تسلیم کی جائے، اس کے قوانین کے سامنے جھکا جائے؟ اس کے بعد سوچئے کہ لَآ اِلٰہَ کے کیا معنی ہیں؟

(مَن و یزداں صفحہ نمبر 44 سے 47 تک سے ایک اقتباس)

❶ برنارڈ شا نے یہ الفاظ جنگِ یورپ (1939ء) سے پہلے کہے تھے۔اس جنگ نے بتادیا کہ بربادی کا وہ کونسا سمندر ہے جس میں یورپ خود اپنے ہاتھوں غرق ہوا ہے۔مزید تفصیل ''انسان نے کیا سوچا'' میں ملے گی۔

ڈاکٹر منصور عالم۔ امریکہ

اسلامی تاریخ کی گم شدہ کڑی

یہ مضمون ''ماہنامہ طلوع اسلام'' کے اکتوبر 2015ء کے شمارہ میں انگریزی زبان میں شائع ہوا تھا۔ اس مضمون میں بیان کئے گئے افکار و خیالات کی اہمیت کے پیشِ نظر نیز قارئین کے اصرار پر اس کا اردو ترجمہ پیش کیا جا رہا ہے۔ ترجمہ کے لیے ہم محترم شیخ اللہ دتا صاحب کے شکر گزار ہیں۔

''یہ (حضرت) عمرؓ کا دس سالہ دورِ خلافت تھا جس کے دوران عربوں کو اہم ترین فتوحات حاصل ہوئیں۔'' یہ بات مائیکل ہارٹ نے اپنی کتاب ''سو اہم شخصیات'' میں لکھی ہے۔ ''خلیفہ عمرؓ کا دورِ حکومت اسلامی تاریخ میں سب سے بڑی وسعت کا حامل تھا۔ اس وسعت کی بقاء کے لیے، انہوں نے ایسی جدید انتظامی اصلاحات رائج کیں جو آج تک دنیا کی نظر سے نہیں گزریں۔ انہوں نے جو سیاسی، معاشی اور معاشرتی اصلاحات مملکت کے معاملات کو چلانے کے لیے جاری کیں، وہ فعال پبلک ایڈمنسٹریشن کے لیے ماڈل بن گئیں۔ ایک قلیل مدت میں انہوں نے قدیم اور لازمی علاقائی انتظامی ڈھانچہ کو بے حد جدید اور اس وقت کی پوری دنیا میں قابلِ نفاذ شکل میں تبدیل کر دیا۔ ان کے دور میں لوگوں کو بنیادی انسانی حقوق و آزادیاں حاصل تھی جو اُس دور میں کہیں اور نظر نہ آتی تھیں۔ اگر ایک بڑھیا کسی پاداش کے خوف کے بغیر خلیفہ عمرؓ کو عوام کے سامنے تنقید کا نشانہ بنا سکتی ہے تو ان کے دورِ حکومت میں آزادی اظہار رائے کے پائے جانے میں کوئی شک نہیں رہ جاتا۔''

انسائیکلوپیڈیا بریٹانیکا (مختصر ایڈیشن میں) ریکارڈ پر لاتا ہے کہ خلیفہ عمرؓ کے فرمان بسلسلہ ''نفاذ محصولات، معاشرتی بہبود اور مملکت کا پورا اقتصادی اور تنظیمی نظام اور ڈھانچہ'' اور یہ کہ ''وہ اپنے عدل، معاشرتی اصلاح کے تصورات اور اخلاص و غیر جانبداری کے لیے نمایاں مقام رکھتے تھے۔''

ابو ہلال العسکری کی کتاب الاوائل اور طبری کی تاریخ کے مطابق (حضرت) عمرؓ کی شاندار ترقیات اور کارہائے نمایاں درج ذیل ہیں:

1۔ ہجری کیلنڈر کا اجرا

2۔ محکمۂ حرب کی تنظیم

3۔محفوظ عسکری افرادی قوت کو باقاعدہ تنخواہ دینا

4۔اراضی کے مالیاتی محکمہ کا قیام

5۔اراضی کا سروے اور ان کی حیثیت کا تعین

6۔مردم شماری کے محکمہ کا قیام

7۔صوبوں کا قیام اور ہر صوبے میں اضلاع کا تعین

8۔ٹیکسیشن اور کسٹمز کے محکموں کا قیام

9۔محکمہ پولیس کی تنظیم

10۔عسکری اہمیت کے مقامات پر فوجی چھاؤنیوں کا قیام

11۔مکہ اور مدینہ کے درمیان مسافروں کے آرام کے لیے ریسٹ ہاؤسز کا قیام

12۔بچوں کے لیے بہبود وظائف کا اجراء

13۔لاوارث بچوں کی محافظت اور نشوونما کا انتظام۔

14۔(مسلمانوں اور غیر مسلموں کے لیے) غلامی کو ممنوع قرار دینا۔

15۔یہودیوں اور عیسائیوں کے غربا اور ناداروں کے لیے وظائف کا اجراء

16۔محکمہ عوامی تعلیم کا قیام

17۔نہروں اور بندوں کے سسٹم کا بہتر بندوبست

18۔نئے شہروں اور عوامی شاہراہوں کا قیام وترقی۔

ان محکموں کے معاملات کو عمدہ اور مؤثر طریق پر چلانے کے لیے خلیفہ عمرؓ نے (جو موجودہ دور میں معروف ہے) حکومتی سیکرٹیریٹ قائم کیا۔ ہر سرکاری محکمہ کا اس سیکرٹیریٹ میں ایک دفتر تھا جہاں مملکتی معاملات کے متعلق الگ ریکارڈ اور رجسٹر رکھے جاتے تھے۔ حکومت کے جملہ کاروبار کو تحریری ریکارڈ کے ذریعے منضبط کیا جاتا تھا۔ تحریری یادداشتیں باقاعدہ طور پر خلیفہ کی طرف سے سرکاری عہدہ داروں (منجملہ صوبائی گورنروں) کو جاری کی جاتی تھیں۔ دوسری ریاستوں کے ساتھ، باہمی گفت وشنید کے بعد اقرار ناموں، میثاقوں اور معاہدات کو طے کیا جاتا تھا اور ان دفاتر میں ان کے متون کا ریکارڈ رکھا جاتا تھا۔

لیکن اس موقع پر ایک امر خصوصی توجہ کا متقاضی ہے۔

اسلامی ریاست کا قیام جناب پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ہو گیا تھا۔ خلیفہ ابوبکرؓ کے دور میں مزید پھیل گیا اور خلیفہ عمرؓ

کے زمانہ میں قریباً 2.5 ملین مربع میل تک پہنچ گیا۔اس سارے دوران (اور خلیفہ عثمانؓ کے دور میں بھی) مدینہ منورہ اسلامی ریاست کا مرکز رہا۔ مذکورہ بالا سیکرٹیریٹ منجملہ اس کے سب دفاتر بھی مدینہ ہی میں رہے۔ کیا یہ حیران کن بات نہیں کہ اس زمانہ کا اصلی تحریری ریکارڈ آج کسی جگہ نہیں ملتا؟

تاریخی ریکارڈ کے مطابق مدینہ منورہ، قدرتی آفات سے محفوظ رہا اور زلزلہ اور آتش زدگی سے محفوظ چلا آرہا ہے۔اس کے علاوہ کسی بھی ایسی تباہی کا ریکارڈ نہ ہے جو اس قدر نمایاں معلوماتی ذخیرہ کی بربادی کا باعث بنی ہو۔

کبھی ایسا نہیں ہوا کہ مدینہ منورہ صلیبی افواج کے زیر کنٹرول آیا ہو یا کسی ایسے واقعہ کا شکار ہوا ہو جس سے یہ ثابت ہو کہ کیوں یہ تحریری ریکارڈ گم ہو گیا۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے آج کے دن تک مدینہ مسلسل مسلمانوں کے کنٹرول میں رہا۔ وہ بھی ایک ایسی سرزمین میں جو محفوظ و محترم رہی ہے۔ ان حالات میں یہ جاننا پریشان کن ہے کہ کس طرح ممکن ہوا کہ ان تحریرات کا آج کوئی پتہ نہیں ملتا۔ سب نوشتوں اور دستاویزات کے ساتھ کیا گزری۔ انہیں کون لے گیا۔ انہیں کہاں ضائع کیا گیا اور اگر ایسا ہوا ہے تو کیوں؟

وہ تاریخ نویس جنہوں نے اس دور کے کچھ ریکارڈ کی تنقیحات پیش کی ہیں۔انہوں نے یہ نہیں لکھا کہ انہوں نے اصل ریکارڈ کہاں دیکھا یا ان پر کیا گزری۔ ہماری تاریخ کی کتابوں میں اصل ریکارڈ اور نوشتوں کی نشاندہی کے بارے میں تذکرہ نہیں ملتا۔

ابتدائی تاریخ نویس مثلاً ابن ہشام (وفات 833ھ) اور امام طبری (وفات 923ھ) نے کوشش کی ہے کہ روایت کی معتبر حیثیت کا انکشاف کریں لیکن انہیں حوالہ کے لیے مستند دستاویزات میسر نہ آئیں۔ جامعینِ حدیث، مثلاً امام بخاری (وفات 870ھ) انہوں نے انتہائی کوشش کی (ان کے اپنے بیان کے مطابق) کہ اپنی کتابوں کے لیے اصل مواد تلاش کریں۔ محتاط توجہ اور مستقل مزاجی سے کام کرنے والے محققین نے دور دراز مقامات کے سفر کیے اور سینکڑوں ہزاروں لوگوں سے ملاقات کی۔ اگر کسی جگہ تحریری ریکارڈ مہیا ہو سکتے تو یہ توقع رکھنا قابل فہم ہے کہ انہیں وہ مل گئے ہوتے۔ پس یہ ظاہر ہے اور اسے جاننا بجا کہ اس وقت کوئی اصل ریکارڈ موجود نہیں پایا گیا۔ لہٰذا ابتدائی تاریخ نویسوں نے اپنی کتابوں کی تدوین میں صرف زبانی روایات پر اکتفا کیا (ان حالات کے باوجود، یہ امر تعجب انگیز معلوم ہوتا ہے کہ ہمیں تاریخ کی کتابوں میں، دوران جنگ دو فوجیوں کے درمیان لفظ بہ لفظ باہم مکالمہ کی تفصیل ملتی ہے اگرچہ ان فوجیوں میں سے کوئی بھی زندہ نہ رہا تھا)۔

اصلی تحریری دستاویزات جو کبھی لازماً موجود تھیں، ایک قیمتی تاریخی خزانہ تھیں جن کا تعلق ابتدائی اسلامی تاریخ کے دوران قائم عملی نظیروں کے ساتھ بڑا گہرا تھا۔ ان قیمتی ریکارڈوں کو مسلم امۃ کے لئے ایک مقدس ٹرسٹ کی حیثیت سے محفوظ کیا جانا چاہیے تھا۔ یہ ریکارڈ ایک صحیح اسلامی مملکت کے قیام و انتظام کے لیے راہنما اور بنیادی خاکہ ثابت ہوتا۔ یہ دستاویزات ان

کے لیے جو اسلام کی بنیادی حیثیت کو تبدیل کرنا چاہتے، ایک قابل قدر مزاحمت اور سدِّ راہ کا کام دیتیں۔

ابتدائی اسلامی اندازِ حکمرانی کے لازمی ریکارڈ کا ناقابلِ توضیح نقصان، ان سوالات کو جنم دیتا ہے جو ضروری طور پر زیرِ غور آنے چاہئیں۔ کیا اس وقت کے معاشرہ میں ایسے مسلمان موجود تھے جو اسلام کے سیاسی اور معاشی ڈھانچے کو تبدیل کر دینا چاہتے تھے اور جنہوں نے محسوس کیا کہ ان کی مطلوبہ تبدیلیاں اس وقت تک ممکن نہیں جب تک وہ دستاویزات موجود ہیں جو ابتدائی اسلامی نظیر کا تعین کرتی ہیں۔ کیا مسلمان ملوک اسلام کے نام پر کمینگی اور دنائیت کے ساتھ حکمرانی کر سکتے اگر وہ ریکارڈ موجود ہوتا جس نے ایک مخصوص رخِ معیار کا تعین کر دیا تھا؟ کیا اسلامی اصولِ حکمرانی میں ترحم و بربادی کا رویہ جو خلیفہ عمرؓ نے اختیار و قائم کیا، مطلق العنان طاقت حاصل کرنے والوں کے لیے کوئی زحمت بداماں سنگِ راہ تھا؟

اگر بعد میں آنے والے کسی حکمران یا علماء کی چاہت تھی کہ عوام کو اپنے حکم کے مطابق چلائیں مثلاً عوام پر مذہبی رسومات کا غیر معقول و متجاوز نفاذ کرنا، تو ان دستاویزات کی موجودگی جو معاشرہ کے فطری اعتدال کی وضاحت کرتی تھیں، حضور اکرمؐ کے اسوہ سے انحراف سے مانع ہوتی۔ تاہم اس اصلی ریکارڈ کے بغیر کوئی شہادت پیش نہ کی جاسکتی تھی جو کسی طالع آزما لیڈر کو ضابطہ کے غلط استعمال یا جدیدیت/بدعات کے معاشرہ میں نفاذ سے روک سکتی۔ کس چیز نے ان غیر یقینی اظہارِ تغیرات کی راہ ہموار کی؟ کونسی تباہی، دسیسہ کاری، ڈھونگ یا المیہ اس راز سے پردہ اٹھا سکے گا۔

یہ سارے سوالات ہمارے لیے لائق اعتناء ہیں۔ اس کے باوجود، حیران کن طور پر ہمارے پاس فرصت نہیں کہ ہم تحقیق کریں کہ ہماری تاریخ میں اس گم شدہ کڑی کے نہ ملنے سے کیا ضروری فرق پڑتا ہے۔ اگرچہ کچھ مستشرقین ہیں جنہوں نے اس گم شدگی کے راز کو قابل توجہ سمجھا۔ مسلمان محض روایات کے دہرانے پر مطمئن بیٹھے ہوئے نظر آتے ہیں بجائے اس کے کہ وہ سارے متعلقہ ریکارڈوں اور ابتدائی اسلام کے تاریخی حوالوں کی تلاش پر آمادہ ہوں یا اصلی پیغام کی طرف لوٹتے ہوئے جدید معاشرتی اخلاقی نظام و فلسفہ کو وجود میں لائیں۔ یہ ایک حوصلہ شکن بات ہے کہ ہمارے تاریخ دانوں اور شریعت پسندوں کی اکثریت ان زبانی روایات کو جنہوں نے ہماری تاریخ کو یکسر تبدیل کر دیا، صرف دہرائے چلے جانے کا ارادہ رکھتی ہے جبکہ انہیں مصدقہ باقیات کی دریافت کے لیے تحقیق کرنا چاہئے جو ہماری مقدس امانت کے کام آسکے۔

ماہرین آثارِ قدیمہ نے قدیم بابل اور نینوا کے کھنڈرات سے حمورابی کا قانون دریافت کر لیا ہے۔ وہ پتھروں اور فرعونوں کے مقبروں کی دیواروں پر کندہ تحریروں سے قدیم مصر کی تہذیب کو دریافت کرنے میں مصروف ہیں۔ تاریخ دانوں نے بحرِ مردار سے قبلِ مسیح کے طومار نکال لیے ہیں۔ لیکن جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے (اسلامی مملکت کے انداز حکمرانی) کے بارے میں کوئی ایک تحریری دستاویز یا مخطوطہ ابھی تک مدینہ سے جو اسلام کا ابتدائی مرکز رہا ہے، دریافت نہیں ہوا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے

چند خطوط جو ہمارے لیے قابلِ توجہ ہیں، وہ ہمارے پاس مدینہ سے باہر غیر مسلموں کے مقبوضہ علاقوں سے دستیاب ہوئے ہیں۔

جہاں تک ہمارے خیال کا تعلق ہے کسی تاریخ دان نے خلیفہ عمرؓ کے دور کی اصل تحریری دستاویزات کو معلوم کرنے کے بارے میں کبھی کوئی تفتیش نہیں کی۔ کیا یہ تفتیش ہماری توجہ کی مستحق نہیں؟ ہمیں یہ ذہن میں رکھنا چاہئے کہ خلیفہ عمرؓ نے ایک حکومت کے چلانے کے لیے ایسے عمدہ معیاروں کا تعین کیا جو اچھی حکمرانی کے لیے غیر مسلموں کے نزدیک بالعموم مثالی تسلیم کیے جاتے ہیں۔ (گاندھی نے اکثر خلیفہ عمرؓ کے دورِ حکومت کو اچھی حکمرانی کے لیے نمونہ قرار دیا)۔

ذرا سوچیئے کہ اگر اصل دستاویزات محفوظ کر دیئے جاتے تو ہمارے لیے کتنا فرق پڑ جاتا۔ یہ ہمارے لیے اسلامی طریقِ حکمرانی کے متعین کرنے میں مدد و معاون ہوتا۔ یہ نہ ختم ہونے والے فرقہ وارانہ دلائل کے حل میں اور کیا اسلامی شریعت کے مطابق ہے یا کیا ایسا نہیں ہے، کے طے کرنے میں مدد دیتا۔ مزید یہ کہ سیکولر بمقابلہ اعتدال پسند حکومتِ اسلامی کی اشکال کے گرد گھومنے والے اختلافات کو دور کر سکتا۔

خلیفہ عمرؓ نے جو اصل دستاویزات ہماری حفاظت میں چھوڑے، ان کے بے شمار فوائد کے مدنظر اگر وہ ہم سے پوچھیں کہ انہوں نے ایک عادل اسلامی ریاست کے قیام کے لیے جو عمدہ طور پر مرتب کردہ اور سوچ سمجھ کر حکمرانی کا نظام تحریری طور پر محفوظ کیا تھا، اس کے ساتھ کیا گزری؟ تو ہمارا جواب کیا ہوگا؟

ENJOY YOUR STAY AT



- T.V. & FAX
- AIR-CONDITIONED
- TELEPHONE EXCHANGE
- CAR PARKING
- LIFT, INTERNET
- EXCELLENT SERVICE

PH:0092-42-36365908-12, FAX: 0092-42-36311923,
E-mail:hotel_parkway@yahoo.com

ملک منظور حسین لیل ۔ بھکر
0332-7636560
mhleeladv@yahoo.com

(قسط سوم)

پرویز صاحب کا نظریہءِ اسلامی مملکت

(قرآنی حکومت)

اور جو لوگ ما انزل اللہ (قرآن) کے مطابق حکومت قائم نہیں کرتے، وہی لوگ کافر، ظالم، فاسق ہیں (47۔45۔44/5)۔

دین کے تمکن کا نتیجہ:

طلوع اسلام جنوری 1978ء ص۔12:۔''دین کے تمکن کا نتیجہ کیا ہوگا؟۔اس سے حاصل کیا ہوگا۔جو مملکت، دین کی حفاظت کے لئے قائم ہوگی، اس میں افرادِ انسانیہ کی کیفیت کیا ہوگی؟۔قرآن مجید نے ایسے وسیع سوال کا جواب، دو لفظوں میں دے دیا جب فرمایا کہ:۔وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا (24:55) اس سے، ان کا خوف، امن میں بدل جائے گا۔آپ نے غور فرمایا کہ قرآن مجید نے ان دو لفظوں میں، اتنی بسیط حقیقت کو کس طرح سمٹا کر رکھ دیا ہے۔دنیا میں انسان چاہتا کیا ہے؟۔امن۔۔۔یعنی ہر قسم کے خوف اور ڈر سے مامونیت (security) کی پوری پوری ضمانت۔انسان، جب خوف سے مامون ہو جائے تو پھر اس کی انسانی صلاحیتوں کی نشوونما شروع ہو جاتی ہے۔سارا قرآن، اس ایک نکتہ کی تفصیل سے بھرا پڑا ہے کہ قرآنی معاشرہ میں کس طرح ہر فرد، خوف سے مامون ہوتا ہے، اور اس کی انسانی صلاحیتیں نشوونما پاتی ہیں۔سوال یہ ہے کہ خوف کی وجہ کیا ہوتی ہے؟۔اس کا ایک لفظ میں جواب ہے۔۔احتیاج!:۔

آنچہ شیراں را کند روباہ مزاج
احتیاج و احتیاج و احتیاج

ملوکیت میں، صاحبِ اقتدار طبقہ، رزق کے سر چشموں کو اپنے قبضہ میں لے کر، افرادِ معاشرہ کو اُن کا محتاج بنا دیتا ہے جس سے وہ ان کا ہر حکم ماننے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔خلافت میں کوئی فرد، کسی کا محتاج نہیں ہوتا۔اور جب محتاج نہیں ہوتا، تو کسی کا محکوم بھی نہیں ہوتا۔علامہ اقبالؒ نے نظامِ خلافت کی خصوصیت دو مصرعوں میں نہایت جامعیت سے بیان کر دی ہے، جہاں کہا ہے کہ:۔ع:۔

کس دریں جا سائل و محروم نیست
عبد و مولا، حاکم و محکوم نیست

سائل ایسے شخص کو کہتے ہیں جس کی اپنی محنت کا ماحصل اس کی ضروریات پوری کرنے کے لئے کافی نہ ہو، اس لئے وہ بقایا ضروریات پوری کرنے کے لئے دوسرے کا محتاج ہو۔ اور محروم ایسے شخص کو کہتے ہیں جو اپنی روٹی کمانے سے معذور ہو۔ خلافت (یا قرآنی مملکت) ہر فرد کی ضروریاتِ زندگی بہم پہنچانے کی ذمہ داری خود لیتی ہے اس لئے اس میں نہ کوئی فرد سائل ہوتا ہے، نہ محروم۔ جب کوئی شخص اپنی ضروریات کے لئے کسی کا دست نگر نہ ہو، تو وہ کسی دوسرے کا حکم ماننے پر بھی مجبور نہیں ہوگا۔ لہٰذا، اس معاشرہ میں نہ کوئی کسی کا غلام ہوگا، نہ کوئی کسی کا آقا۔ نہ کوئی حاکم ہوگا، نہ محکوم۔۔۔ اور جب، نہ کوئی کسی کا محتاج ہوگا نہ محکوم تو انسان کے دل سے دوسرے انسانوں کا خوف خودبخود جاتا رہے گا۔

تمیزِ بندہ و آقا:

اگلا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس نظام میں حاکم و محکوم کی تمیز کس طرح ختم ہوگی۔ جب مملکت ہوگی تو اس میں حکومت بھی ہوگی۔ اور جب حکومت ہوگی تو اس میں حاکم بھی ہوں گے اور محکوم بھی۔ پھر یہ تفریق کس طرح سے مٹ سکے گی۔ حاکم اور محکوم کی تفریق کے بغیر حکومت کیسے قائم ہوگی؟۔۔ خلافت کی یہ وہ منفرد خصوصیت ہے جو دنیا کے کسی اور نظام میں ممکن ہی نہیں۔ سوال یہ ہے کہ حاکم کسے کہتے ہیں؟۔ اس کا جواب یہ ہے۔۔ جس کے حکم کی تعمیل یا اطاعت کی جائے۔۔ شخصی حکومت میں، اطاعت صاحبِ اقتدار کے حکم کی جاتی ہے۔ دورِ حاضرہ میں اطاعت ان قوانین کی کی جاتی ہے، جنہیں، صاحبِ اقتدار طبقہ وضع کرتا ہے۔

محکومیت صرف خدا کی:

خلافت میں حکم دینے یا قوانین وضع کرنے کا اختیار کسی انسان (یا انسانوں کی جماعت) کو حاصل ہی نہیں ہوتا۔ یہ اختیار صرف خدا کو ہوتا ہے ۔۔۔ اس حقیقت کے اظہار کے لئے آیہء استخلاف کے اگلے ٹکڑے میں فرمایا:۔ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا (24:55)۔ دین کے اس تمکن (مملکت) کا مقصد یہ ہے کہ لوگ صرف خدا کی محکومت اختیار کریں۔ اور اس میں کسی انسان کے حکم کو شریک نہ کیا کریں۔۔ قرآن کریم کی رو سے ''عبادت'' سے مفہوم ہی خدا کی محکومیت یا اطاعت اختیار کرنا ہے۔ مثلاً اس نے سورہء کہف میں کہا کہ:۔ وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِ أَحَدًا (18:110)۔ انسان کو چاہیئے کہ خدا کی ''عبادت'' میں کسی کو شریک نہ کرے۔ اور دوسری جگہ یہ کہہ کر اس کی وضاحت کردی کہ:۔ وَلَا يُشْرِكُ فِي حُكْمِهِ أَحَدًا (18:26)۔ خدا اپنی حکومت میں کسی کو شریک نہیں کرتا۔۔ اس سے قرآن مجید نے خود واضح کردیا کہ ''خدا کی عبادت کرنے'' سے مفہوم اس کی محکومیت یا اطاعت اختیار کرنا ہے۔ سورہء یوسف میں پہلے کہا کہ:۔ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ (12:40)۔ یاد رکھو! حقِ حکومت صرف خدا کو حاصل ہے۔ اور اس کے بعد کہا کہ: أَمَرَ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا إِيَّاهُ اس نے حکم دیا

ہے کہ اس کے سوا کسی کی ''عبادت'' نہ کی جائے۔ظاہر ہے کہ یہاں ''عبادت'' کے معنی ''اللہ کے حکم کی اطاعت یا خدا کی محکومیت اختیار کرنا'' ہیں۔

عبادت کا مفہوم:

اس کے بعد کہا کہ:۔ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ (12:40)۔یہ ہے دینِ قیم،محکم نظامِ مملکت۔۔اس سے واضح ہے کہ ملوکیت میں،انسانوں کے احکام (یا قوانین) کی اطاعت کی جاتی ہے۔اور خلافت میں اطاعت صرف قوانینِ خداوندی کی ہوتی ہے۔اسی کو خدا کی عبادت (محکومیت) کہا جاتا ہے۔اگر کسی مملکت میں انسانوں کے احکام یا قوانین کی اطاعت کی جائے تو وہاں دین کا تمکن نہیں ہوتا۔دین کے تمکن کے معنی ہیں،حکومتِ خداوندی کا قیام۔۔۔اس کے بعد یہ اہم سوال سامنے آتا ہے کہ محکومیت تو کسی محسوس اتھارٹی کی کی جاتی ہے۔۔لیکن خدا کی ہستی محسوس نہیں۔۔اسے نہ ہم دیکھ سکتے ہیں،نہ اس کی آواز سن سکتے ہیں۔۔پھر اس کی محکومیت کیسے اختیار کی جائے گی۔اس کی اطاعت کس طرح کی جائے گی۔اس کا نہایت واضح جواب،اللہ تعالیٰ نے خود ہی دے دیا۔فرمایا:۔ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا (6:114)۔۔۔(اے رسول!ان سے کہو کہ) کیا تم چاہتے ہو کہ میں خدا کے سوا کسی اور کی ''محکومیت'' اختیار کر لوں۔جبکہ اس نے تمہاری طرف اپنا وہ ''ضابطۂ قوانین'' نازل کر دیا ہے جو ہر بات کو نکھار اور ابھار کر نہایت وضاحت سے بیان کر دیتا ہے۔

قوانینِ خداوندی کی حکومت:

اس سے واضح ہے کہ خدا کی محکومیت،اس کی کتاب کی اطاعت،کی رو سے کی جاتی ہے۔یہ عجیب حقیقت ہے کہ دورِ قدیم میں تو اطاعت اس اتھارٹی کی کی جاتی تھی جو (بادشاہ کی شکل میں) محسوس طور پر سامنے ہوتی تھی۔لیکن اس زمانے میں،حکم دینے والی اتھارٹی محسوس شکل میں سامنے نہیں ہوتی۔اطاعت اس کے قوانین کی کی جاتی ہے۔قانون کی حکومت (Rule of the law) کا نظریہ قرآن کریم نے آج سے چودہ سو سال پہلے دے دیا تھا۔۔۔لہٰذا،خلافت اور ملوکیت میں اگلا فرق یہ ہوا کہ خلافت میں اطاعت،قوانینِ خداوندی کی کی جاتی ہے۔۔اور ملوکیت میں ان قوانین کی،جو انسانوں کے وضع کردہ ہوتے ہیں۔خلافت میں ''صاحبِ اقتدار'' طبقہ کا فریضہ احکام وقوانینِ خداوندی کا نافذ کرنا ہوتا ہے۔قوانین وضع کرنا نہیں۔اسی لئے اور تو اور،خود حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے فرمایا گیا کہ:۔ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ (5:48)۔تم ان کے نزاعی امور کے فیصلے خدا کی کتاب کی رو سے کرو۔(جسٹس بی۔زیڈ۔کیکاؤس جو کہ متحدہ محاذ والوں کے سرگرم مؤید تھے،نے لکھا کہ۔''اسلام میں قانون سازی کا اختیار سرے سے ہوتا ہی نہیں۔رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ذرہ برابر قانون سازی کا اختیار نہیں

تھا''۔بحوالہ۔اسلامی جمہوریہ۔21 تا 27۔نومبر 1977ء۔ص۔37)۔اور اسی کو کفر و ایمان میں حدِ فاصل اور خطِ امتیاز قرار دیا گیا، جہاں کہا کہ:وَمَنۡ لَّمۡ یَحۡکُمۡ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰہُ فَاُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡکٰفِرُوۡنَ(5:44)۔''جو لوگ خدا کی کتاب کے مطابق حکومت قائم نہیں کرتے انہی کو کافر کہا جاتا ہے۔'' اسی بناء پر آیہء استخلاف کے آخر میں فرمایا کہ:۔وَمَنۡ کَفَرَ بَعۡدَ ذٰلِکَ فَاُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡفٰسِقُوۡنَ (24:55)۔''جو لوگ اس قدر واضح ہدایت کے بعد کفر اختیار کر لیں۔(یعنی،قوانین خداوندی کی بجائے انسانی قوانین کی محکومیت اختیار کریں)تو وہ اس قالب(Pattern) سے نکل جائیں گے،جس میں رہتے ہوئے انسانی صلاحیتوں کی نشوونما ہوتی ہے(فسق کے بنیادی معنی یہی ہیں)۔یہ ہے خلافت اور ملوکیت میں فرق۔حکومتِ خداوندی اور انسانی حکومت میں خطِ امتیاز۔ہمارے دور میں انسانوں کی حکومت کو سیکولر اسٹیٹ کہا جاتا ہے، خواہ اس کی شکل کوئی بھی ہو۔''

حاکمیت کتاب اللہ کی:

طلوعِ اسلام اگست 1977ء،ص:22:''قرآن نے کہا کہ خدا کی حکومت، خدا کی کتاب(یعنی قرآن کریم) کے ذریعے قائم ہوگی۔جس میں کسی انسان کا کوئی دخل نہیں ہوگا۔کیونکہ خدا اپنے اختیارات کسی کو تفویض نہیں کیا کرتا۔یہ اس کی کتاب کے اندر محفوظ ہیں۔اس حقیقت کی وضاحت کے لئے خود زبان نبوی ﷺ سے کہلوایا گیا کہ:۔(مفہوم)۔''کیا تم لوگ چاہتے ہو کہ میں خدا کے سوا کسی اور''حاکم'' کی طلب و جستجو کروں۔حالانکہ اس نے''اپنی کتاب'' نازل کر دی ہے جو مفصل ہے۔''(6:115)۔یہاں سے دو باتیں واضح ہوگئیں۔ایک یہ کہ تھیا کریسی اس لئے وجود میں آئی تھی کہ خدا کی کوئی ایسی کتاب موجود نہیں تھی، جو ضابطہء زندگی بن سکتی۔(انجیل میں قوانین ہیں ہی نہیں)۔اس لئے جب خدا کی حکومت کا اصول تسلیم کر لیا جاتا تھا تو اس کے بعد لوگوں کو لازماً مذہبی پیشوائیت کی طرف رجوع کرنا پڑتا تھا۔دوسرے یہ کہ اس حقیقت کا اعلان خود ذات رسالتمآب ﷺ سے کرانے میں حکمت یہ تھی کہ دنیا میں اگر کوئی انسان خدا کا نمائندہ بن سکتا تھا تو اس کا اولین حق بہرحال رسول اللہ ﷺ کو پہنچتا تھا۔جب حضور ﷺ نے بھی یہ فرمادیا کہ خدا کی حکومت کے معنی اس کی کتاب کی حکومت ہے تو انسانی نمائندگی یا خدائی اختیارات کی تفویض کا نظریہ خود بخود باطل قرار پا گیا۔اس نظریہ کی رو سے حکومت، خدا کی کتاب کے احکام و قوانین نافذ کرنے کی ایجنسی قرار پا گئی۔اس سے زیادہ اس کی کوئی حیثیت نہ رہی۔اس نظریہ کی صداقت کا تسلیم کر لینا، ایمان قرار پایا۔اور اس سے انکار، کفر۔سورہء مائدہ میں ہے۔(مفہوم)۔''جو لوگ کتاب اللہ کے مطابق حکومت قائم نہیں کرتے، وہی کافر ہیں۔''(5:44)۔اور اس کے ساتھ ہی رسول اللہ ﷺ سے فرمادیا گیا کہ:۔(مفہوم)۔''ان میں کتاب اللہ کے مطابق فیصلے کرو۔''(5:49)۔''۔۔(''تفویض اختیارات''۔جو کہ چرچ کا عقیدہ ہے۔اور''پارلیمنٹ کی

برتری کے غلط عقیدہ'' کے بارے میں وضاحت، مذہبی پیشوائیت کے عنوان کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔مئولف)۔

اطاعت صرف کتاب اللہ کی:

طلوع اسلام اگست 1977ء،ص:25،''اطاعت درحقیقت کتاب اللہ کی ہے۔نظامِ مملکتِ اسلامیہ اس کی اطاعت کرانے کا عملی ذریعہ ہے۔اس نظام میں اپنی اطاعت کوئی بھی نہیں کراسکتا۔۔۔نہ کوئی ایک فرد، نہ افراد کا مجموعہ۔سورہ ءآل عمران میں اس حقیقت کو واضح تر الفاظ میں بیان کردیا گیا ہے، جہاں کہا ہے کہ،(مفہوم)۔''کسی انسان کو اس کا حق نہیں پہنچتا۔۔خواہ خدا،اسے ضابطہءقوانین یا حکومت یا نبوت ہی کیوں نہ عطا کردے کہ وہ لوگوں سے کہے کہ تم خدا کے نہیں، میرے محکوم بن جاوٗ۔اسے یہی کہنا چاہیئے کہ تم اس کتاب کی اطاعت کے ذریعے، جسے تم پڑھتے پڑھاتے ہو،اور سمجھتے سمجھاتے ہو۔اللہ کے محکوم(ربّانی) بن جاوٗ۔'' (3:78)

خدا کی حکومت:

طلوع اسلام 1984ء،ص:۵۵،''شرک،انسانوں کی حکمرانی کا نام ہے۔اسی لئے قرآن کریم نے،خدا کی متعین کردہ حدود پر قائم شدہ نظامِ حکومت کی بنیادی خصوصیت یہ بتائی ہے کہ:۔ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ (2:38)۔اس میں کسی کو کسی قسم کا خوف اور حزن نہیں ہوگا۔۔۔سوال یہ ہے کہ جب قرآن نے انسانوں کی حکومت کو مردود قرار دے دیا،تو اس سے کیا یہ مراد ہے کہ وہ انسانی دنیا کے لئے حکومت کی ضرورت نہیں سمجھتا؟۔۔بات یہ نہیں۔۔وہ حکومت کو ضروری قرار دیتا ہے،لیکن ''خدا کی حکومت'' کو۔۔: اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ (12:40)۔یادرکھو!حقِ حکومت صرف خدا کو حاصل ہے۔وہ اپنے اس حقِ حکومت میں کسی کو شریک نہیں کرتا۔: وَّلَا يُشْرِكُ فِىْ حُكْمِهٖۤ اَحَدًا (18:26)۔لیکن خدا تو غیر مرئی اور غیر محسوس ہستی ہے۔غیر مرئی اور غیر محسوس تو ایک طرف۔اس کی ذات تو کسی کے تصور تک میں نہیں آسکتی۔تو پھر اس کی حکومت کس طرح قائم ہوتی ہے؟۔اس نے کہا کہ ہماری حکومت سے مراد،اس کتاب کی حکمرانی ہے جسے ہم نے وحی کے ذریعہ نازل کیا ہے۔اس نے جملہ انبیاء کرام کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ:۔ وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ (2:213)۔۔خدا نے ان انبیاء کے ساتھ الکتاب(ضابطہءقوانین) نازل کیا تاکہ وہ اس کے مطابق لوگوں کے اختلافی امور کے فیصلے کیا کریں۔۔شخصیت کی بجائے،قانون کی حکمرانی کا تصور،انسان کو کن بلندیوں پر لے جاتا ہے،اس کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے!۔اور پھر قانون بھی وہ، جو کسی انسان کا وضع کردہ نہ ہو۔

قانونِ خداوندی کی حکمرانی:

اسلام میں بلندترین اور عظیم ترین شخصیت، حضور نبی اکرم ﷺ کی ہے۔خدا نے حضور ﷺ کو بھی یہ حکم دیا کہ:۔اے

رسول! تم لوگوں کے اختلافی امور کے فیصلے کتاب اللہ کے مطابق کیا کرو(5:48)۔۔۔سر براہِ مملکت، بلکہ یوں کہئے کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسی کتاب کا اتباع کرتے تھے(6:50۔7:2-3)،اوراس کی خلاف ورزی کوخود اپنے لئے بھی مستوجب سزا اقرار دیتے تھے(10:15)۔حقِ مطلق،اقتدار اعلیٰ(Sovereignty)بھی اسی کتاب کوحاصل تھا،مملکت یاسربراہِ مملکت کونہیں۔(Sovereignty) کی تعریف یہ کی جاتی ہے۔(Accountability to none)۔جوکسی کے سامنے جواب دہ نہ ہو۔کوئی اس سے باز پرس نہ کر سکے۔قرآن مجید نے دوٹوک فیصلہ کردیا کہ:۔ لَا يُسْئَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْئَلُوْنَ (21:23)۔صرف خدا کی ذات ایسی ہے جوکسی کے سامنے جواب دہ نہیں۔باقی سب جواب دہ ہیں۔اس سے کتاب اللہ کی حکمرانی کا صحیح مفہوم سمجھ میں آ جاتا ہے۔اس کتاب میں دیئے گئے احکام واصول واقدار کے متعلق کہا کہ:۔تیرے رب کے کلمات(احکام وقوانین) صدق اور عدل کے ساتھ مکمل ہو گئے۔ان میں کوئی تبدیلی نہیں کر سکتا(6:116)۔حتیٰ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی نہیں۔فرمایا:اے رسول!۔ان سے کہہ دو کہ مجھے بھی اس کا کوئی اختیار نہیں کہ میں اپنی طرف سے اس کتاب میں کسی قسم کا ردوبدل کرسکوں(10:15)۔۔اس کتاب کا اطلاق تمام قوموں پر،اور تمام زمانوں میں ہوگا۔اس لئے اسے:۔ ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ (38:87) کہا گیا ہے۔یعنی تمام اقوامِ عالم کے لئے ضابطہ ہدایت۔''

حکومت کتاب اللہ کی:

طلوعِ اسلام دسمبر 1983ء،ص:10،''خدا تو ایسی غیر محسوس،غیر مرئی ہستی ہے جو ہمارے خیال اور قیاس تک میں نہیں آ سکتی۔وہ نہ کبھی کسی کے سامنے آتا ہے،نہ ہم سے بات کرتا ہے،اس کی حکومت کس طرح قائم ہوگی؟۔اس سوال کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے ایک ایسی عظیم حقیقت بیان کی ہے جس نے دنیائے سیاست میں انقلاب برپا کر دیا ہے۔دنیا میں حکومتیں اشخاص کے ذریعے قائم ہوتی تھیں۔اس نے کہا کہ اب اشخاص کا زمانہ لد گیا۔اب حکمرانی قانون کی ہوگی۔جس کا قانون رائج ہوگا،حکومت اس کی سمجھی جائے گی۔لہٰذا،اسلامی مملکت میں حکمرانی خدا کے قوانین کی ہوگی جنہیں اس نے اپنی کتاب(قرآن مجید) میں محفوظ کر کے دنیا کو دے دیا ہے۔اب، اسلامی اور غیر اسلامی حکومت ہی کا نہیں،اسلام اور کفر،مومن اور کافر کا بھی یہی معیارِ امتیاز ہے۔خدا کا فیصلہ یہ ہے کہ:۔(ترجمہ)۔''جو لوگ خدا کی کتاب کے مطابق حکومت قائم نہیں کرتے،انہی کو کافر کہا جاتا ہے۔''(5:44)۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے اسلامی حکومت قائم کی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ارشاد ہوا کہ:۔ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ (5:48)۔''ان کے معاملات کے فیصلے خدا کی کتاب کے مطابق کیا کرو۔''بالفاظِ دیگر،اسلامی مملکت،قوانینِ خداوندی کے نافذ کرنے کی ایجنسی ہوگی۔۔۔(ضمناً) اللہ تعالیٰ نے یہ کہہ کر کہ حکمرانی قانون کی ہوگی،نہ کہ اشخاص کی،''شخصی خدا''(Personal God) کے تصور کو بھی ختم کر دیا۔اس نے اپنے ضابطہ

قوانین (قرآن) کے متعلق کہہ دیا کہ یہ مکمل بھی ہے اور غیر متبدل بھی۔ اور اس کے ساتھ محفوظ بھی۔ اس حقیقت کی بھی وضاحت کردی کہ اب انسانوں کا خدا کے ساتھ تعلق انہی قوانین کی رو سے ہوگا۔ براہِ راست نہیں ہوگا۔ اسی سے ختمِ نبوت کا مفہوم بھی واضح ہوگیا۔''

اطاعت کا عملی ذریعہ:

طلوعِ اسلام مارچ 1982ء، ص:43: ''آپ غور کیجئے کہ قرآن کریم نے کیسے بلیغ انداز سے اس بات کو سمجھا دیا کہ خدا کی محکومیت اختیار کرنے کا قابلِ عمل طریقہ کیا ہے۔ آپ غور کیجئے کہ آج، اس دور میں، جسے تہذیب وتمدن کا زمانہ کہا جاتا ہے، مبنی برعدل حکومت کا تصور یہ ہے کہ وہ سب سے پہلے ایک آئین مرتب کرتی ہے۔ اس آئین کو کتاب کی شکل میں شائع کیا جاتا ہے۔ پھر اس آئین کے مطابق قوانین وضع کئے جاتے ہیں اور وہ قوانین بھی کتابوں کی شکل میں عام کئے جاتے ہیں۔ اس کے بعد، ہر متنازعہ فیہ معاملہ کے تصفیہ کے لئے ان کتابوں کا حوالہ دیا جاتا ہے۔ بالفاظِ دیگر، حکمرانی ''کتاب'' کی ہوتی ہے۔ کتاب کی حکمرانی میں کوئی یہ نہیں پوچھتا کہ وہ لوگ کہاں ہیں جنہوں نے اس کتاب کو مرتب کیا تھا۔ وہ ہمارے سامنے کیوں نہیں آتے۔ ہم ان کی کوئی بات نہیں مانیں گے جب تک وہ ہمیں خود حکم نہ دیں۔ کوئی اس کا تقاضا نہیں کرتا۔ غور کیجئے! قرآن کریم نے یہ بات چودہ سو سال پہلے کہی تھی کہ حکمرانی کتاب (ضابطہء قوانین) کی ہوتی ہے۔ اور اس کی موجودگی میں اس کی ضرورت نہیں رہتی کہ صاحبِ کتاب خود ہمارے سامنے آکر حکم دے تو پھر ہی اس کی اطاعت کی جائے۔ کتاب کی اطاعت درحقیقت، کتاب دینے والے کی اطاعت، ہوتی ہے۔ لہٰذا، اللہ کی اطاعت کی عملی شکل، اس کی کتاب کی اطاعت ہے، اور اللہ پر ایمان کا عملی مفہوم، اس کی کتاب پر ایمان لانا ہے۔ جو شخص خدا کی کتاب پر ایمان نہیں لاتا، اس کا خدا پر ایمان لانا بھی قابلِ تسلیم نہیں ہوسکتا۔ اور جو شخص اس کی کتاب کی محکومیت اختیار نہیں کرتا، وہ خدا کی حاکمیت سے انکار کرتا ہے۔ یہ وجہ ہے جو اس نے واضح الفاظ میں کہہ دیا کہ (مفہوم)۔ ''جو لوگ خدا کی کتاب کی محکومیت اختیار نہیں کرتے، وہ مومن نہیں، کافر کہلاتے ہیں۔'' (5:44)۔

خدا کی اطاعت بذریعہ نظامِ حکومت:

طلوعِ اسلام مارچ 1983ء، ص:۔11، لیکن کتاب تو ساکت وصامت حروف ونقوش کا مجموعہ ہوتی ہے۔ اس کی اطاعت کس طرح کی جائے؟۔ ''بعض لوگوں نے یہ خیال کیا (اور دنیا کے تمام اہلِ مذاہب اسی خیال کے حامل ہیں) کہ خدا کی اطاعت انفرادی طور پر کی جائے گی۔ یعنی ہر فرد اپنے اپنے طور پر جس طرح جی چاہے، احکامِ خداوندی کی اطاعت کرتا رہے۔ اسے ''مذہب'' کہتے ہیں جس میں ''خدا کی اطاعت'' سے مراد اس کی پرستش ہوتی ہے ''محکومیت''

نہیں ہوتی ۔لیکن قرآن ،انفرادی نہیں بلکہ اجتماعی نظامِ حیات کی تاکید کرتا ہے۔اسے ''دین'' کہا جاتا ہے۔۔(مذہب اور دین کے اس فرق کے لئے میرے مجموعہءمضامین ۔۔بہارِنو۔۔میں ''قیامتِ موجود'' کا عنوان دیکھئے یا میری انگریزی زبان کی کتاب:Islam,A challenge to Religion :۔وہ کہتا ہے کہ: وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا ۔۔۔ (3:103)۔''تم اس ضابطہءخداوندی کو اجتماعی طور پر تھامے رکھو۔'' ظاہر ہے کہ اس کے لئے نظامِ حکومت کی ضرورت ہوگی۔اس سلسلہ میں قرآن کریم نے واضح الفاظ میں کہہ دیا کہ تمہارے ایمان واعمال صالحہ کا لازمی نتیجہ استخلاف فی الارض ہوگا۔(یعنی تمہاری اپنی حاکمیت وحکومت)۔اسی سے تمہارے دین (اجتماعی نظامِ زندگی) کوتمکن حاصل ہوگا۔اوراسی سے تم اس قابل ہوسکو گے کہ خالصتاً خدا کی محکومیت اختیار کرسکو(24:55)۔اس نظام (کی مرکزی اتھارٹی) کی اطاعت،خدا کی اطاعت کہلائے گی۔''

مملکت کیا ہے:

جناب پرویز صاحب کا ایک مشہورخطاب ہے۔''مقصود بالذات کیا ہے۔فرد یا مملکت؟''(طلوعِ اسلام دسمبر 1974ء)۔اس میں انہوں نے بتایا ہے کہ:۔آغازِ انسانیت ہی سے مملکت کوایک ایسا بُت سمجھا جاتا رہا ہے جس پر اُس مملکت کے باشندے اپنی قربانیاں دینا اپنا اولیں فرض سمجھیں۔مملکت کو معبود کی حیثیت دے دینا اقتدار پسند،طاقتور افراد کی کارستانی ہے۔مملکت کا یہ کلی،آمرانہ،ہمہ گیر،مستبدانہ نظریہ لوگوں کی ہوس اقتدار کا وضع کردہ ہے۔''قرآن آیا اوراس نے ذہنِ انسانی کے تراشیدہ تمام بتوں کوحریمِ انسانیت سے نکال باہر کیا۔قرآن ہیئتِ اجتماعیہ انسانیہ کا پورا نظام سامنے لاتا ہے لیکن آپ یہ معلوم کر کے حیران ہوں گے کہ اس میں مملکت کا لفظ تک نہیں ملتا۔اس نے اس ہیئتِ اجتماعیہ کے دو ہی اجزاء بتائے ہیں:۔ایک،ملک یعنی ایک خطہءارض،اور دوسرا جزو،اس ملک میں بسنے والے انسان۔'' آگے چل کر کہتے ہیں کہ:۔''مملکت ایک موہوم تصور تھا،اس کے مقابلے میں ملک ایک محسوس خطہءزمین کا نام ہے۔جب ہم کہتے ہیں کہ ملک خطرہ میں ہے تو اس خطرہ کو محسوس کیا جا سکتا ہے،دیکھا جا سکتا ہے۔اس کے متعلق نہ کوئی دھوکا دے سکتا ہے،نہ دھوکا کھایا جا سکتا ہے۔یہ ٹھیک ہے کہ اس خطرہ کی نوعیت یا کمیت کا اندازہ ان معلومات کی بناء پر لگایا جا سکتا ہے جو کسی کو حاصل ہوں۔لیکن اس کا تعلق بہر حال محسوسات سے ہوتا ہے،مملکت کی طرح موہوم نہیں ہوتا۔'' پرویز صاحب کے مطابق (مملکت یا) ملک،مقصود بالذات نہیں بلکہ ایک اعلیٰ مقصد(ایک ایسے نظامِ حکومت یعنی دین کا قیام جو انسان کی بحیثیت انسان فلاح کا ضامن وذمے دار ہو) کے حصول کا ذریعہ ہے۔ایک مملکت کا ہونا،اسلامی حکومت کے قیام کے لئے ضروری ہے۔اوراس کی حفاظت بھی اسی مقصد کے حصول کے لئے ضروری قرار دی گئی ہے۔بہر حال!اصل مقصد اسلامی حکومت کا قیام ہے۔پرویز

صاحب نے اسلامی مملکت کی اصطلاح ایک خطہء ارض کے معنی میں استعمال کی ہے نہ کہ ارسطو اور ہیگل وغیرہ کے موہوم نظریات کے مطابق (مئولف)۔

اسلامی مملکت:

طلوعِ اسلام فروری 1980ء، صفحہ نمبر 4، ''اسلامی مملکت وہ ہے جو ایسا نظام قائم کرے جس میں جملہ امور کے فیصلے قرآن مجید کے مطابق ہوں۔ اس سے ''دین'' کا تمکن ہوگا جو اسلامی مملکت (استخلاف فی الارض) کی غایت اور وجہء جواز ہے۔ قرآن مجید میں اس کی وضاحت کردی گئی ہے کہ اسلامی مملکت کا مقصد یہ ہے کہ:۔ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ ۔۔۔۔(24:55)۔ ''تاکہ اس سے اس دین کا تمکن ہوجائے جسے خدا نے ان کے لئے منتخب کیا ہے۔ اسلامی مملکت کس کی ہوتی ہے:۔ اسلامی مملکت کسی خاص فرد، گروہ یا جماعت کی نہیں ہوتی۔ یہ پوری اُمت کی ہوتی ہے۔ سورۃ النور کی جس آیت کا ایک حصہ اوپر درج کیا گیا ہے اس کا آغاز ان الفاظ سے ہوتا ہے:۔ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ۔۔ (24:55)۔ ''خدا نے ان لوگوں سے، جو ایمان لائیں اور اعمال صالح کے پیکر ہوں، وعدہ کر رکھا ہے کہ وہ انہیں استخلاف فی الارض عطا کردے گا۔'' لہٰذا، استخلاف فی الارض ایمان اور اعمالِ صالح کا نتیجہ ہوتا ہے اور یہ مملکت اس اُمت کو ملتی ہے جو ان اوصاف سے متصف ہو۔'' قرآن مجید نے اسلامی حکومت کا فریضہ ''امر بالمعروف ونہی عن المنکر'' قرار دیا ہے یعنی ان امور کا حکم نافذ کرنا جنہیں خدا نے صحیح قرار دیا ہے اور ان سے روکنا جنہیں اس نے غلط کہا ہے۔ اس نے یہ فریضہ پوری کی پوری اُمت کا قرار دیا ہے جہاں کہا ہے کہ:۔ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ (3:110)۔ ''تم وہ بہترین امت ہو جسے نوعِ انسان کی بھلائی کے لئے مبعوث کیا گیا ہے۔ تمہارا فریضہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر ہے۔'' سورۃ الحج میں جملہ مومنین کے متعلق کہا ہے:۔ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۔۔۔۔۔۔(22:41)۔ ''یہ وہ لوگ ہیں کہ جب انہیں زمین میں تمکن حاصل ہوگا تو یہ اقامتِ صلواۃ اور ایتائے زکواۃ کا نظام قائم کریں گے اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ سرانجام دیں گے۔'' اس میں مرد اور عورتیں دونوں شامل ہیں۔ سورۃ التوبہ میں ہے:۔ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۔۔۔(9:71)۔ ''مومن مرد اور مومن عورتیں، سب ایک دوسرے کے دوست سازگار ہیں اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ سرانجام دیتے ہیں۔''

اسلامی حکومت:

طلوعِ اسلام دسمبر 1981ء، صفحہ نمبر: 37، ''حکومتِ خداوندی یا اسلامی حکومت کسے کہا جائے گا؟ مملکت اور حکومت تو

بزورِ شمشیر ہلاکو اور چنگیز نے بھی حاصل کر لی تھی، اور شہنشاہوں کے ولی عہد اسے وراثتاً۔ بھی حاصل کر لیتے ہیں (اسے موروثی ملوکیت کہا جاتا ہے)۔ کیا اسے بھی خدا کی طرف سے عطا کردہ استخلاف فی الارض کہا جائے گا اور اس کے سربراہوں کو ایسے اربابِ اقتدار جو منشائے خداوندی کو پورا کرنے کے لئے مامور ہوتے ہیں؟۔ معاذ اللہ! ثم معاذ اللہ!۔ اگر ایسا ہی ہوتو صاحبِ ضربِ کلیمی کو فرعون کی کلائی مروڑنے کے لئے کیوں بھیجا جائے؟۔ حکومت وہی منشائے خداوندی کے مطابق (یعنی اسلامی) قرار پا سکتی ہے جو ایمان و اعمال صالح کی رو سے قائم کی جائے۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ ایسی مملکت ان افراد کے ہاتھوں قائم ہوتی ہے جو اپنی زندگی اقدارِ خداوندی کے حدود کے اندر رہتے ہوئے گزاریں اور ان کی سیرت و کردار، قرآنی اقدار کے سانچے میں ڈھلی ہو۔ اس مملکت کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ اس قسم کے افراد تیار کئے جائیں۔ جیسا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے مکّہ کی زندگی میں کیا۔ مدنی مملکت انہی کے ایمان و اعمال صالح کا نتیجہ تھی۔ اگر کبھی ایسا ہو کہ کوئی خطہء زمین مل جائے جس میں اس قسم کی مملکت قائم کی جا سکتی ہو، تو جب تک اس کی زمامِ اقتدار ایسے افراد کے ہاتھوں میں نہیں آئے گی جو سیرت و کردار کی رو سے قرآنی معیار پر پورے اتریں اور اس کا کاروبار کتاب اللہ کے مطابق ہو، اسے اسلامی مملکت نہیں کہا جائے گا۔ وہ دنیا کی دیگر مملکتوں کی طرح ایک مملکت ہوگی۔ موروثی مملکت یا بزورِ شمشیر حاصل کردہ مملکت اسلامی نہیں کہلا سکتی۔ یہی وجہ ہے کہ صدرِ اول کے بعد، ہماری تاریخ میں آج تک کسی مملکت کو بھی اسلامی مملکت نہیں کہا جا سکتا۔ یہ تو رہا یہ سوال کہ ایسی مملکت قائم کس طرح کی جاتی ہے؟۔ اب یہ سوال سامنے آتا ہے کہ یہ مملکت مقصود بالذات ہوتی ہے یا کسی بلند مقصد کے حصول کا ذریعہ؟۔ قرآن کریم اس سوال کا متعین جواب دیتا ہے کہ یہ مقصود بالذات نہیں ہوتی۔ ایک بلند و بالا مقصد کے حصول کا ذریعہ ہوتی ہے۔ اس مقصد کو اس نے یہ کہہ کر واضح کر دیا: وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ۔۔۔(24:55)۔ وہ مقصد یہ ہے کہ جس دین کو خدا نے تمہارے لئے متعین (پسند) کیا ہے اسے تمکن حاصل ہو جائے۔۔۔۔ دین کا تمکن اس مملکت کے قیام کا مقصد، علّتِ غائی بلکہ وجہء جواز ہے۔''

اسلامی حکومت کی تعریف:

اسلامی حکومت وہی ہوگی جو اعلان کرے گی کہ اس کے تمام امور ''ما انزل اللہ'' (قرآن) کے مطابق طے پائیں گے (5:44) یعنی یہ حکومت صرف کتاب اللہ کو آئین حیات اور ضابطہء قوانین تسلیم کرنے کا اعلان کرے گی۔ مئولف کے خط کے جواب میں طلوع اسلام اکتوبر 1979ء کے صفحہ نمبر 21۔20 پر پرویز صاحب نے لکھا کہ: ''جو حکومت اپنے جملہ معاملات میں قرآنی اقدار کی پابند ہو اسے اسلامی حکومت یا خلافت علیٰ منہاج نبوت کہا جائے گا۔'' تھوڑا سا آگے چل کر لکھتے ہیں کہ: ''اگر کوئی حکومت اسلامی بننا چاہتی ہے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ پہلے فیصلہ کرے کہ اس کا جملہ کاروبار حدود

قرآنی کے اندر رہتے ہوئے بروئے کار آئے گا۔اس کے بعد وہ جو فیصلے قرآن کریم کے مطابق کرے گی، وہ اسلامی کہلائیں گے۔اس وقت اُمت میں جو خلفشار ہے وہ ان حقائق کو نظر انداز کر دینے کا نتیجہ ہے۔''۔طلوعِ اسلام فروری 1971ء (صفحہ نمبر 59) ملاحظہ ہو:۔۔۔''(1)۔اسلامی مملکت اسے کہیں گے جس کا تمام کاروبار (کوئی ایک گوشہ نہیں بلکہ تمام کاروبار) وحی (قرآن) کی عطا کردہ مستقل اقدار کے تابع سرانجام پائے۔اس قسم کی مملکت کے نظام کو اسلامی نظام کہا جائے گا۔۔۔(2)۔یہ ہو نہیں سکتا کہ مملکت کا کوئی ایک گوشہ (سیاسی، معاشرتی، معاشی) تو اسلامی ہو اور باقی شعبے غیر اسلامی ہوں۔یا باقی تمام شعبے اسلامی ہوں اور کوئی ایک شعبہ غیر اسلامی ہو۔اگر مملکت کا کوئی ایک گوشہ بھی غیر اسلامی ہوگا تو وہ مملکت اسلامی نہیں کہلا سکے گی۔اسلامی مملکت کا ہر گوشہ اسلامی ہوتا ہے۔جنت کا کوئی گوشہ بھی ایسا نہیں ہوسکتا جسے جہنم کہا جا سکے۔نہ ہی جہنم کا کوئی ایک گوشہ جنت قرار پا سکتا ہے۔جس طرح انسان کا کوئی حصہ مومن اور کوئی حصہ کافر نہیں ہوتا اسی طرح مملکت کا ایک گوشہ اسلامی اور دوسرا گوشہ غیر اسلامی نہیں ہوسکتا۔(3)۔اس قسم کی (اسلامی) مملکت ان لوگوں کے ہاتھوں قیام پذیر ہوتی ہے جو خدا، وحی، رسالت (مستقل اقدارِ حیات)، انسانی ذات، قانونِ مکافاتِ عمل اور تسلسلِ حیات (مرنے کے بعد کی زندگی) پر علیٰ وجہ البصیرت یقین رکھیں۔اور ان کے اس یقین (ایمان) کا مظاہرہ ان کے اعمالِ حیات، ان کی سیرت و کردار، ان کے روزمرہ کے کاموں سے ہوتا ہے۔انہی افراد کی ہیئتِ اجتماعیہ کو ملتِ اسلامیہ، اُمتِ مسلمہ، جماعتِ مومنین کہا جاتا ہے۔مملکت، قراردادِ مقاصد پاس کرنے یا چند شرعی قوانین نافذ کرنے، یا کوئی خاص معاشی پروگرام اختیار کرنے سے اسلامی نہیں بن جاتی۔۔نیست ایں کارِ فقیہاں اے پسر!۔''

حکومت پوری اُمت کی:

طلوعِ اسلام اکتوبر 1979ء میں (صفحہ نمبر 12 پر) جناب پرویز صاحب نے مئولف کے خط کے جواب میں لکھا کہ:۔''قرآن کریم نے اس کی مزید وضاحت فرمادی کہ یہ فریضہ (امر بالمعروف ونہی عن المنکر) پوری کی پوری جماعت مومنین کا ہے، کسی خاص گروہ کا نہیں۔سورہ التوبہ میں مومنین کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے انہیں۔ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ (9:112) کہا گیا ہے۔یعنی''امر بالمعروف ونہی عن المنکر کا فریضہ انجام دینے والے''۔دوسرے مقام پر مومنین کے ساتھ مومنات کا بھی اضافہ کر کے اس کی وضاحت کردی کہ یہ فریضہ امت کے مرد اور عورتیں سب کے سب سرانجام دیں گے۔ارشادِ خداوندی ہے: وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ (9:71)۔''مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے دوست ہیں، وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دیتے ہیں'' ان تمام آیات میں امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے الفاظ آئے ہیں۔''امر'' کے معنی کسی بات کا حکم

دینا ہیں اور ''نہی'' کے معنی کسی کام سے حکماً روک دینا۔ اس سے واضح ہے کہ یہ فریضہ اسی صورت میں سرانجام دیا جا سکتا ہے جب یہ امت صاحبِ اقتدار ہو۔ چنانچہ سورہء الحج میں ہے کہ: اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۔۔۔(22:41)۔ ''یہ (مومنین) وہ لوگ ہیں کہ جب انہیں ملک میں اقتدار حاصل ہوگا تو یہ اقامتِ صلوٰۃ، ایتائے زکوٰۃ اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فرائض سرانجام دیں گے'' اس سے واضح ہے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اسلامی مملکت کا فریضہ ہے۔ واضح رہے کہ اسلامی مملکت میں اقتدار پوری کی پوری اُمت کو حاصل ہوتا ہے، کسی ایک گروہ کو نہیں۔ دیکھئے (25:55)۔ لہٰذا، اس آیت سے یہ بھی واضح ہے کہ امر بالمعروف و نہی عن المنکر، وعظ و نصیحت کی بات نہیں، اس فریضہ کو اسلامی مملکت احکام و قوانین کے ذریعے سرانجام دیتی ہے۔ تصریحاتِ بالا سے واضح ہے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر پوری کی پوری امت کا فریضہ ہے نہ کہ کسی خاص گروہ کا۔ اور امت اس فریضہ کو اقتدارِ مملکت کی رو سے سرانجام دیتی ہے نہ کہ وعظ و نصیحت کے ذریعے۔ اسلام کے صدرِ اول میں اس فریضہ کی ادائیگی کی یہی شکل تھی۔ یعنی امت اس فریضہ کو اسلامی مملکت کے ذریعے سرانجام دیتی تھی۔ اس زمانے میں اس فریضہ کی ادائیگی کے لئے کوئی الگ گروہ نہیں تھا۔''

عورت اور نظامِ مملکت:

طلوعِ اسلام جنوری 1980ء، ص:22:۔ ''ہمارے ہاں یہ خیال عام کیا جاتا ہے کہ اسلام میں، عورتوں کو نظامِ مملکت میں شریک نہیں کیا جا سکتا۔ یہ نظریہ قرآن کریم کی تعلیم کے خلاف ہے۔ جو آیت (22:41) ابھی ابھی آپ کے سامنے آئی ہے، اس میں اسلامی حکومت کا فریضہ ''امر بالمعروف و نہی عن المنکر'' بتایا گیا ہے۔ اور دوسرے مقام پر اس کی وضاحت کر دی گئی ہے کہ یہ فریضہ مردوں اور عورتوں دونوں کا ہے۔ تنہا مردوں کا نہیں۔۔۔ سورہء توبہ میں ہے کہ:۔ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۔۔(9:71)۔ ''مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ ان کا فریضہ، امر بالمعروف و نہی عن المنکر، ہے۔''

فٹبال کے کھیل کی مثال:

پرویز صاحب کہتے ہیں کہ اسلامی حکومت پوی کی پوری اُمت کی ہوتی ہے۔ پوری امت نہ صرف عمل مشاورت میں شریک ہوتی ہے بلکہ حکومت کی تمام ذمے داریوں میں بھی اس کا برابر کا حصہ ہوتا ہے۔ وہ اس حقیقت کو فٹ بال کے کھیل سے تشبیہ دیتے ہیں۔ (بحوالہ طلوعِ اسلام ستمبر 1979ء صفحہ نمبر 52۔59) وہ کہتے ہیں کہ فٹ بال کے کھیل میں ''ایک چیز عجیب دکھائی دیتی ہے اور وہ یہ کہ ان (کھلاڑیوں) میں سے جس کے قریب بھی بال آجاتا ہے وہ اسے ایک خاص سمت کی طرف لے

جانے کی کوشش کرتا ہے۔ یہ کبھی نہیں ہوتا کہ ان میں سے ایک کھلاڑی بال کو مشرق کی طرف لے جائے اور دوسرے کی باری آئے تو وہ اسے مغرب کی طرف لے جائے۔ جس سمت کو یہ سب کھلاڑی بال کو لے جانا چاہتے ہیں، اسے انگریزی زبان میں گول کہتے ہیں۔ گول کے معنی ہیں نصب العین، منزلِ مقصود، وہ نقطہ جس پر سب کی نگاہ ہو، وہ چیز جسے سب مل کر حاصل کرنا چاہیں۔ کھلاڑی گیارہ ہوتے ہیں لیکن ان سب کے سامنے گول ایک ہی ہوتا ہے۔ جن کھلاڑیوں کے سامنے ایک مشترکہ گول ہو، انہیں انگریزی زبان میں ٹیم کہتے ہیں۔ اسی طرح جب کسی جگہ کے رہنے والے انسانوں کے سامنے ایک مشترکہ نصب العین ہو تو انہیں قوم یا اُمت کہا جاتا ہے۔ لہٰذا، افراد، قوم اس صورت میں بن سکتے ہیں جب ان سب کے سامنے ایک گول، ایک نصب العین یا ایک منزلِ مقصود ہو۔ اگر کسی ملک کے باشندوں کے سامنے ایک نصب العین نہ ہو تو وہ قوم نہیں بن سکتے۔ یا مختلف لوگوں کے سامنے مختلف نصب العین ہوں تو بھی وہ ایک قوم نہیں بن سکتے۔'' اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کا گول خود ہی سورہء آلِ عمران (آیت نمبر 102) میں مقرر کر دیا اور انہیں اُمتِ واحدہ قرار دے کر فرقہ بندی سے منع کر دیا۔۔۔ اس سے آگے لکھتے ہیں۔ ''کھیل کے میدان میں جن گیارہ کھلاڑیوں کا گول ایک ہوتا ہے، انہیں ایک ٹیم کہا جاتا ہے۔ ان کے مقابلہ میں دوسرے کھلاڑیوں کا گول ان سے مختلف ہوتا ہے، وہ دوسری ٹیم کہلاتے ہیں۔ آپ نے غور کیا کہ ایک ہی میدان کے کھلاڑی دو گروہ کس طرح بن گئے؟ محض گول کے الگ الگ ہونے سے۔ موجودہ زمانے کی اصطلاح میں قوم کے نصب العین یا گول کو آئیڈیالوجی کہتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ مسلمان، آئیڈیالوجی کی وحدت کی بناء پر اُمت بنتے ہیں۔ ان سب کی آئیڈیالوجی ایک ہوتی ہے۔'' لہٰذا، مسلمان تمام کے تمام ''اُمتِ واحدہ'' ہوتے ہیں (بحوالہ طلوعِ اسلام ستمبر 1979ء صفحہ نمبر 47)۔ پرویز صاحب ایک بار پھر فٹ بال کے کھیل کی مثال سامنے لاتے ہیں کہ:۔ ''افراد، قوم اس وقت بنتے ہیں جب ان سب کے سامنے ایک نصب العین ہو۔ اسے کھیل کی مثال سے سمجھایا گیا تھا جس میں گیارہ کھلاڑی ہوتے ہیں اور ان سب کے سامنے ایک گول ہوتا ہے۔ ہم نے یہ بھی بتایا تھا کہ ان کھلاڑیوں میں سے کوئی دائیں طرف ہوتا ہے، کوئی بائیں طرف۔ کوئی آگے، کوئی پیچھے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا یہ ان کھلاڑیوں کی اپنی اپنی مرضی پر موقوف ہوتا ہے کہ جس کا جہاں جی چاہے کھڑا ہو جائے اور جو کچھ جی میں آئے کرنے لگ جائے؟ ظاہر ہے کہ اس طرح بڑی ہڑبونگ مچ جائے گی۔ ایسی صورت سے بچنے کے لئے یہ کھلاڑی اپنے میں سے اچھے کھلاڑی کو اپنا کپتان چن لیتے ہیں اور عہد کر لیتے ہیں کہ وہ سب اس کی بات مانیں گے۔ اس بات کا فیصلہ کپتان کرتا ہے کہ کون کھلاڑی کس جگہ کھڑا ہو۔ کس کے ذمے کس قسم کا کام لگایا جائے۔ یہی ان سب کی ڈیوٹیاں لگاتا ہے۔ یہی ان کے جھگڑوں کے فیصلے کرتا ہے۔ اس طرح یہ کھلاڑی ایک ٹیم بنتے ہیں۔ جو صورت کھلاڑیوں کی ہے، وہی ایک قوم یا اُمت کی ہے۔ امت کے افراد اپنے میں سے بہترین فرد کو چن کر اپنا بڑا امان

لیتے ہیں اور سب اس کی ہدایات کے مطابق چلتے ہیں۔ اور اپنی منزل مقصود تک پہنچتے ہیں۔ ٹیم اور اس کے کپتان۔ یا قوم اور مملکت کے سربراہ کا معاملہ عجیب ہوتا ہے۔ ٹیم کا کپتان، ٹیم سے باہر کھڑا ہو کر حکم نہیں چلاتا۔ وہ گیارہ کھلاڑیوں میں سے ایک کھلاڑی ہوتا ہے۔ وہ انہی کی طرح ٹیم کے اندر، ٹیم کے ساتھ مل کر کھیلتا ہے۔ وہ جب ڈیوٹیاں تقسیم کرتا ہے تو اپنے ذمے بھی ایک ڈیوٹی لیتا ہے۔ وہ اس ڈیوٹی کو ایک عام کھلاڑی کی طرح سرانجام دیتا ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ ساری ٹیم کو مناسب ہدایات بھی دیتا رہتا ہے۔ اس اعتبار سے دیکھئے تو ٹیم کے کپتان کو دُہرے فرائض سرانجام دینے پڑتے ہیں۔ یہی حالت امت کے سربراہ کی ہے۔ وہ امت کا ایک فرد۔ یا یوں سمجھیئے کہ مملکتِ پاکستان کا ایک عام شہری ہوتا ہے۔ اور اس کے ذمے وہ تمام فرائض ہوتے ہیں جو دوسرے شہریوں کے ذمے ہوتے ہیں لیکن اس کے ساتھ اس کے ذمے یہ کام بھی ہوتا ہے کہ وہ ساری قوم کی سربراہی کرے۔ انہیں مناسب ہدایات دے اور اس کا اطمینان کرے کہ ہر فرد اپنا اپنا فریضہ صحیح طور پر ادا کر رہا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ:۔ ٹیم کا کام یہ ہے کہ وہ اپنے میں سے بہترین فرد کو اپنا کپتان چنے؛ کپتان کا کام یہ ہے کہ وہ ٹیم کو بہترین ہدایات دے اور ٹیم کے ہر کھلاڑی کا کام یہ ہے کہ وہ کپتان کی ہدایات کے مطابق اپنا فریضہ سرانجام دینے میں پوری پوری کوشش کرے۔ ایسی ٹیم کامیابی سے ہمکنار ہوگی۔ ہار جیت صرف کپتان کی نہیں بلکہ پوری ٹیم کی ہوتی ہے۔ یہی کیفیت پوری قوم کی ہوتی ہے۔ قوم کا سربراہ جو فیصلے یا دوسری اقوام سے معاہدات کرتا ہے، وہ پوری قوم کے فیصلے اور معاہدات ہوتے ہیں۔ اسی طرح امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فریضہ بھی صرف سربراہ امت کا نہیں بلکہ پوری امت کا ہوتا ہے۔ اسلامی حکومت کی طرف سے نافذ شدہ احکامات، ساری امت کی طرف سے نافذ شدہ سمجھے جاتے ہیں۔ وہ حکومت ساری امت کی ہوتی ہے، کسی خاص گروہ یا خاص فرد کی حکومت نہیں ہوتی۔

کپتان، قانون کے ماتحت:

مزید، سوال یہ ہے کہ کیا ٹیم کے کپتان کو اس کا حق حاصل ہوتا ہے کہ وہ جس قسم کا حکم جی میں آئے، دے دے یا اس پر بھی کوئی پابندی عائد ہوتی ہے؟۔ ایک بار پھر فٹ بال کا کھیل سامنے لائیے۔ اس میں ایک قاعدہ یہ ہے کہ بال کو ہاتھ نہ لگنے پائے۔ اگر کسی کھلاڑی کا ہاتھ بال کو لگ گیا تو وہ مجرم سمجھا جائے گا۔ ٹیم کے کپتان کو اس کا حق حاصل نہیں ہوتا کہ وہ کسی کھلاڑی سے کہہ دے کہ تم بال کو ہاتھ سے بھی چھو سکتے ہو یا وہ خود اگر جی چاہے تو پاؤں سے کھیلے اور جی چاہے تو بال کو ہاتھ سے پکڑ لے

اس کا مطلب یہ ہے کہ کپتان کے اختیارات اُن قاعدوں کے ماتحت ہوتے ہیں جو کھیل کے لئے بطور اصول اختیار کئے جاتے ہیں جن میں کبھی ردوبدل نہیں ہوسکتا۔ اسی طرح اسلامی مملکت کے سربراہ کو بھی یہ حق حاصل نہیں ہوتا کہ وہ خدا کی طرف سے دی گئی مستقل اقدار یا اصولوں میں کسی قسم کا ردوبدل کر سکے۔ وہ صرف انہیں نافذ کرنے کا ذمے دار ہوتا ہے۔ اسلامی

حکومت میں خدا کے مقرر کردہ اصول ہر ایک پر یکساں طور پر نافذ ہوتے ہیں۔مملکت کی بڑی سے بڑی ہستی بھی ان اصولوں سے بالا نہیں ہوتی۔اسلامی مملکت میں،مملکت کے سربراہ کو باقی افرادِ امت کے مقابلہ میں کوئی خصوصیت یا رعایت حاصل نہیں۔۔وہ خدا کے مقرر کئے ہوئے اصولوں میں ردوبدل نہیں کر سکتا۔۔وہ ان کے خلاف کوئی حکم صادر نہیں کر سکتا۔اسے سب سے پہلے ان قوانین کی اطاعت کرنی ہوتی ہے۔وہ اگر ان کی خلاف ورزی کرے تو اس سے بھی اسی قسم کا مواخذہ ہوگا جس قسم کا مواخذہ قوم کے ایک عام فرد سے ہوگا۔اور اسے بھی اسی قسم کی سزا ملے گی۔چنانچہ خود حضور کریم ﷺ کی طرف سے اعلان کر دیا گیا کہ:۔ قُلْ اِنِّیْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَیْتُ رَبِّیْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ (سورۂ انعام۔آیت نمبر 15)۔''ان سے کہہ دو کہ اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں ایک بڑے دن (یعنی مکافاتِ عمل کے وقت) سے ڈرتا ہوں۔''ان تصریحات سے ظاہر ہے کہ اسلامی مملکت میں:۔(1)۔افرادِ امت اپنے میں سے بہترین فرد کو اپنا سربراہ چن لیتے ہیں۔(2)۔وہ سربراہ،مملکت کے تمام اختلافی امور طے کرتا ہے۔(3)۔افرادِ امت پر اس کے فیصلوں کی پابندی ضروری ہوتی ہے۔(4)۔لیکن وہ اپنے فیصلوں میں ڈکٹیٹر نہیں ہوتا،اسے ان اصولوں کی پابندی کرنی ہوتی ہے جو خدا کی طرف سے قرآن کریم میں دیئے گئے ہیں۔(5)۔اس بارے میں اس میں اور ایک عام فردِ امت میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔۔اس اعتبار سے دیکھئے تو اسلامی مملکت کسی فرد یا گروہ کی حکومت نہیں ہوتی،وہ ساری کی ساری قوم (یا اُمت) کی حکومت ہوتی ہے۔اور اس میں تمام فیصلے،احکام اور قوانین،خدا کے مقرر کردہ اصولوں کی چار دیواری کے اندر رہتے ہوئے مرتب ہوتے ہیں۔ان کی خلاف ورزی کوئی نہیں کر سکتا۔''

ملوکیّت اور اسلامی حکومت:

طلوعِ اسلام جولائی 1982ء،صفحہ نمبر 7،ملوکیت کے بارے میں فرزندِ اقبال ڈاکٹر جاوید اقبال کی کتاب ''زندہ رود'' پر دارالمصنفین اعظم گڑھ (بھارت) کے سید صباح الدین عبدالرحمان کے تبصرہ پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے:۔''مملکت یا حکومت کے ضمن میں حسب ذیل بنیادی حقائق کا پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔(1)۔قرآن کی رو سے،مملکت کوئی جائیداد نہیں کہ جس کا جی چاہے اس پر قبضہ کر کے بیٹھ جائے۔قوانین خداوندی کا نافذ کرنا پوری امت کا فریضہ ہے۔اور مملکت اس تنظیم کا نام ہے جس کی رو سے امت اپنے اس فریضہ کو ادا کرتی ہے۔قرآن نے ''استخلاف فی الارض (24:55) اور'' تمکن فی الارض (22:41) کی حامل ساری امت کو بنایا ہے۔اور امت باہمی مشاورت سے اس تنظیم کو قائم کرتی ہے جس کی وساطت سے قوانین خداوندی نفاذ پذیر ہوتے ہیں۔اگر کوئی فرد یا افراد کا مجموعہ زبردستی حکومت پر قابض ہو جاتا ہے تو وہ اسلامی نظام کو جڑ بنیاد سے کاٹ دیتا ہے۔اور جب وہ موروثی ہو جائے تو وہ ذاتی جائیداد بن جاتی ہے۔اسلام اس تصورِ حاکمیہ

کو مٹانے آیا تھا۔۔۔علامہ اقبالؒ کے سوانح نگار کو (کم از کم) علامہ اقبالؒ کے اس قسم کے ارشادات ہی پیش نظر رکھنے چاہئیں تھے:۔ع۔

هنوز اندر جهاں آدم غلام است
نظامش خام و کاوش نا تمام است
غلامِ فقر آں گیتی پناهم
که در دینش، ملوکیت حرام است
(ارمغان حجاز)

جسے علامہ اقبالؒ دین مصطفوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حرام قرار دے رہے ہیں، اسے یہ حضرات عین مطابق اسلام ٹھہراتے ہیں (یاللعجب!)۔(2)۔قرآن کریم چونکہ عالمگیر ضابطہء ہدایت ہے اور قیامت تک کارفرما رہنے کے لئے دیا گیا ہے اس لئے اس کا انداز یہ ہے کہ اس میں اصول و اقدار دیئے گئے ہیں، ان پر عمل پیرا ہونے کے طرق اور اسالیب نہیں دیئے گئے۔یہ اصول و اقدار تو ہمیشہ کے لئے غیر متبدل رہیں گے لیکن ان پر عمل پیرا ہونے کے انداز اور طریق (ہر زمانے کی امت) خود وضع کرے گی۔یہ طرق و انداز بہ تقاضائے وقت قابل تغیر و تبدل ہوں گے۔بالفاظِ دیگر، قرآنی اصول و اقدار وہ حدود اللہ ہوں گی جن کے اندر رہتے ہوئے، امت ان کے نفاذ کے طریق باہمی مشاورت سے وضع کرے گی۔۔۔ان طریقوں کے وضع کرنے کا امت کو اختیار ہوگا لیکن اس میں بھی شرط یہ ہوگی کہ کوئی طریق، قرآنی اصول و اقدار سے ٹکرائے نہیں۔یہ وجہ ہے جو قرآن میں کانسٹی ٹیوشن کی جزئیات یا قوانین کی فروعات نہیں دی گئیں، صرف اصول و اقدار دی گئی ہیں۔(3)۔قرآن کریم نے، مملکتی تنظیم قائم کرنے کے لئے امت کے باہمی مشورہ کو غیر متبدل اور ابدی قرار دیا ہے۔اس نے اس کا طریق کار یا طرز خود متعین نہیں کیا، اسے امت کی صوابدید پر چھوڑ دیا ہے۔اس میں اسے پورا پورا اختیار حاصل ہے۔لیکن اسے اس کا قطعاً اختیار نہیں کہ کوئی ایسا طریق اختیار کرلے جس میں مشاورت نہ ہو۔بناء بریں، ڈکٹیٹرشپ، ملوکیت، یا موروثی حکومت کسی صورت میں بھی مطابقِ اسلام قرار نہیں پا سکتی۔اسی طرح ایسی مشاورت بھی مطابق اسلام قرار نہیں پا سکتی (مثلاً مغربی جمہوریت) جو اپنے فیصلوں میں حدود اللہ کی پابند نہ ہو۔(4)۔سید صباح الدین صاحب فرماتے ہیں کہ۔"اگر ایک بادشاہ یا ڈکٹیٹر شرعی قوانین کا پابند ہو یا کم از کم ان کے نفاذ کے لئے کوشاں ہو تو کیا وہ اس لئے پسند نہیں کیا جائے گا کہ وہ رائے بالغان کے ذریعے منتخب نہیں ہوا؟"۔سید صاحب کی خدمت میں گزارش ہے کہ سوال رائے بالغان یا نابالغان کا نہیں۔اگر وہ اسلامی طریق سے منتخب نہیں کیا گیا، تو اسے کسی صورت میں پسند نہیں کیا جائے گا، خواہ وہ کتنا ہی "شرعی قوانین کا پابند ہو"۔۔۔ظاہر

ہے کہ ''شرعی قوانین'' سے ان کی مراد نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ یا نکاح، طلاق جیسے احکام ہی ہو سکتے ہیں۔ (یہی اسلام یہ حضرات تحریکِ پاکستان کے دوران پیش کیا کرتے تھے)۔ جو شخص خلافِ شریعت طریق سے حاصل کردہ اقتدار کی کرسی پر براجمان ہے، اس کی نماز، روزے کی پابندی اسے جائز حاکم نہیں بنا سکتی۔ اور جس کا خود وجود ہی خلافِ شریعت ہو، وہ قوانین شریعت کیا نافذ کرے گا؟'' تھوڑا سا آگے چل کر لکھتے ہیں:۔ ''سید صاحب تو شاید اسے (Appreciate) نہ کر سکیں لیکن جسٹس جاوید اقبال ہم سے متفق ہوں گے، کہ اگر ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ کے کسی جج کا تقرر، کانسٹی ٹیوشن، کے خلاف ہو، تو اس کا کوئی فیصلہ (خواہ وہ کتنا ہی ضابطہء قوانین کے مطابق کیوں نہ ہو) قانونی میزان میں قابلِ تسلیم قرار نہیں پائے گا۔ اس کے فیصلوں کے قانونی تسلیم کئے جانے کی بنیادی شرط یہ ہوگی کہ خود اس کا تقرر قانون کے مطابق ہو۔ جس حکمران کا حاملِ اقتدار ہونا ہی خلافِ اسلام ہو، اس کے نافذ کردہ قوانین کس طرح اسلامی تصور کئے جا سکتے ہیں۔'' پھر آگے چل کر لکھتے ہیں:۔ ''اسلامی نظام میں کیفیت یہ نہیں ہوتی۔ اس میں ہر قانون کی متابعت کا اثر فردِ متعلقہ کی سیرت پر بھی پڑتا ہے اور قانون نافذ کرنے والوں کی سیرت، اس باب میں قانون سے بھی زیادہ موثر ہوتی ہے۔ جس جج کے متعلق یقین ہو کہ وہ نہایت دیانتداری سے، انصاف کے مطابق فیصلے صادر کرتا ہے، اس کے فیصلے کے خلاف اُس کے دل میں بھی کبیدگی پیدا نہیں ہوتی جس کے خلاف فیصلہ صادر ہو۔ اسلامی مملکت کے اولیں سربراہ (حضور نبی اکرم ﷺ) کے فیصلوں کی یہی خصوصیت تھی جس کا نتیجہ یہ تھا: لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ ۔۔۔ (4:65)۔ ''جن کے خلاف فیصلہ صادر ہوتا تھا وہ بھی اپنے دل میں اس کے خلاف گرانی محسوس نہیں کرتے تھے۔'' اس کی اولیں شرط یہ ہے کہ سربراہِ مملکت خود اسلامی اقدار کے مطابق برسرِ اقتدار آیا ہو۔ جس سربراہ کے متعلق لوگ جانتے ہوں کہ وہ ڈاکو ہے، اس کے صحیح فیصلے بھی صحیح نتائج پیدا نہیں کر سکتے۔ افرادِ معاشرہ اس کے اقتدار کو بھی ظلم و جور محسوس کرتے ہیں۔ اس کے قوانین کو بھی ظلم و جور۔ اور ان کی اطاعت کو بھی جبر و جور کا نتیجہ۔ یہ وجہ ہے کہ ڈکٹیٹر شپ، ملوکیت (اور اس کی بدترین شکل موروثی ملوکیت) اور اسلامی مملکت ایک دوسرے کی ضد ہیں جو کبھی یکجا نہیں ہو سکتیں۔ اسلام آیا ہی اس قسم کے اندازِ حکومت کو مٹانے کے لئے تھا۔ اس نظام میں:۔ عبد و مولا، حاکم و محکوم نیست۔ اس میں کسی انسان کو حقِ حکومت حاصل نہیں ہوتا، چہ جائیکہ ملوکیت کو؟''

(جاری ہے)

ادارہ طلوع اسلام کا ای میل ایڈریس Idarati@gmail.com

قرآنِ کریم کا اِنسائیکلوپیڈیا

قرآنِ مجید انسانی زندگی کے تمام گوشوں کے لئے ضابطۂ ہدایت ہے لیکن اس کا انداز یہ نہیں کہ وہ ایک موضوع کے متعلق ایک ہی جگہ سب کچھ بیان کردے۔ اس کے متعلق وہ مختلف مقامات پر تفصیلات دیتا ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ قرآن مجید کے احکام و قوانین کے سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ آپ کو معلوم ہو کہ ان کے متعلق اس نے کہاں کہاں، کیا کیا کہا ہے۔ لیکن قرآن کریم پر ایسی وسیع نگاہ رکھنا ہر ایک کے بس کی بات نہیں۔ مفکرِ قرآن محترم پرویز صاحب نے اس مشکل کو ہمارے لئے حل کر دیا ہے۔ انہوں نے چالیس سال کی محنتِ شاقہ سے قرآنِ مجید کا ایسا انسائیکلوپیڈیا مرتب کر دیا جس میں قریب دو ہزار چار سو عنوانات میں سے ہر ایک کے متعلق قرآنی آیات کے حوالے دے دیئے ہیں۔ بالفاظِ دیگر انہوں نے قرآنی تعلیمات کو (Classify) کر دیا۔

اس عظیم الشان علمی و تحقیقی کتاب

تبویب القرآن

کا نیا اور کمپیوٹر کمپوزڈ ایڈیشن شائع ہو گیا ہے۔

کمپیوٹر کمپوزنگ اور کتابت کا حسین اِمتزاج

طباعت کا اعلیٰ ترین معیار

طلوعِ اسلام ٹرسٹ (رجسٹرڈ) 25 بی، گلبرگ 2، لاہور

tolueislam@gmail.com ; www.islamicdawn.com
www.facebook.com/tolueislam.trust
Phone: +92 42 35753666

English Translation Projects of Tolue Islam Trust

- Lughatul Quran – Printed on Amazon UK
- Life in the Hereafter – Printed on Amazon UK
- The Quranic System of Sustenance – Printed and available in Pakistan
- Did Quaide Azam want to make Pakistan a secular state – Printed and available in Pakistan
- Book of Destiny – Printed and available in Pakistan
- Letters to Tahira – Printed and available in Pakistan
- The Quranic Laws – Printed and available in Pakistan
- Reasons for Decline of Muslims – Printed and available in Pakistan
- What Happened to Islam After Umar (R) – Printed on Amazon UK
- Islamic Way of Living – Printed and available in Pakistan
- Exposition of the Holy Quran – Printed and available in Pakistan
- All English books are available for reading / downloading on following link: www.islamicdawn.com/urdu-books/english-books-pdf/

Internet, Website and Social Media Projects

- www.islamicdawn.com
- http://islamicdawn.com/audios/ (For Audio Lectures)
- http://islamicdawn.com/videos/ (For Video Lectures)
- http://islamicdawn.com/magazine/ (For Monthly Tolue Islam)
- http://islamicdawn.com/urdu-books/ (For Urdu Books)
- http://islamicdawn.com/articles/ (For Pamphlets and articles)
- http://islamicdawn.com/urdu-books/english-books-pdf/ (For English Books)
- www.toluislam.com
- www.tolueislam.com
- http://www.tolueislam.org/
- http://www.dailymotion.com/user/tolueislam/1 (Dailymotion video channel)
- https://vimeo.com/user18635230/videos (Vimeo Video Channel)
- www.youtube.com/tolueislam (Youtube Video Channel)
- https://www.facebook.com/tolueislam.trust (Official Facebook Page)

Phone: 042 35753666, Email: tolueislam@gmail.com

ادارہ

رُوداد ادارہ طلوعِ اسلام کنونشن 2015ء

لاہور کی سرزمین کو یہ شرف حاصل ہے کہ یہاں سے علامہ اقبالؒ نے تمام اسلامی ملت کو یہ پیغام دیا:

گر تُو می خواہی مسلماں زیستن
نیست ممکن جُز بہ قرآں زیستن

(اگر تم اسلامی طرز سے زندگی گزارنا چاہتے ہو تو پھر ایسا صرف قرآن کے مطابق عمل کرنے سے ہی ممکن ہو سکے گا۔)

اور پھر واضح تر الفاظ میں کہا کہ مسلمانوں کے پاس ایک خطۂ زمین ایسا ہونا چاہئے جس میں وہ، اپنے نظریے کے مطابق زندگی گزار سکیں۔ یہی وہ تصور تھا جس کی بدولت 1940ء کی قرارداد منظور ہوئی جس کا جیتا جاگتا نتیجہ ہمارا آج کا پاکستان ہے۔ یکم نومبر 2015ء کو اسی لاہور کی سرزمین پر احبابِ قرآنی ایک مرتبہ پھر اس لیے جمع ہوئے کہ قرآنی فکر کو کس طرح منظم طور پر آگے بڑھایا جائے تا کہ قرآنِ کریم کا زندگی بخش پیغام زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچایا جا سکے اور اس کے نتیجہ میں ہمارا معاشرہ قرآنی خطوط پر متشکل ہو سکے۔

اِمسال مندوبین کی رہائش اور بزم ہائے طلوعِ اسلام کی رہائش اور بزم ہائے طلوعِ اسلام کے اجلاسوں کے لیے گلبرک لاہور میں انتظام کیا گیا تھا۔ 30 اکتوبر کی دوپہر ہی سے شمعِ قرآنی کے پروانے پاکستان اور بیرونِ پاکستان کے دور ونزدیک مقامات سے لاہور پہنچنا شروع ہو گئے۔ ان کی رہائش اور کھانے کا انتظام ادارہ کی عمارت کے علاوہ مختلف جگہوں پر پہلے ہی سے کر دیا گیا تھا۔

31 اکتوبر کی صبح 11 بجے پہلا اجلاس شروع ہوا جس میں ادارہ طلوعِ اسلام کے چیئرمین محترم اکرم راٹھور صاحب کی زیرِ صدارت تمام بزم ہائے طلوعِ اسلام کے نمائندگانِ محترم اور اراکینِ بزم ہائے طلوعِ اسلام نے شرکت فرمائی۔ تلاوتِ قرآنِ کریم کے بعد اجلاس کی باقاعدہ کارروائی کا آغاز ہوا جو طے شدہ ایجنڈا کے مطابق آگے بڑھتا رہا تا آں کہ ظہر کی نماز اور ظہرانے کا وقت آن پہنچا۔ اس اجلاس کی کارروائی کی رپورٹ الگ سے تمام بزموں کو ارسال کی جارہی ہے۔ دوسرا اجلاس بعد از نمازِ ظہر 3 بجے شروع ہوا۔ خالد اقبال خالد نے اپنے خیالات کا اظہار منظوم پیرائے میں کیا۔ بعد ازاں محمد عاصم صاحب نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ راولپنڈی بزم کے رُکن جناب عابد حسین صاحب نے طلوعِ اسلام کے لٹریچر کو انٹرنیٹ کے ذریعے وسعت دینے اور کمپیوٹرائزڈ کرنے کے سلسلہ میں ذاتی کوششوں پر ایک پریزینٹیشن دی۔ ان کے بعد منیجر طلوعِ اسلام

ٹرسٹ نے ٹرسٹ کی کارگردگی کے حوالہ سے ایک پریذینٹیشن دی جس میں انہوں نے انٹرنیٹ پر ہونے والے کام، پرویز صاحب کی کتب کے مختلف زبانوں میں تراجم اور طلوع اسلام ٹرسٹ کی کمپیوٹر کمپوزڈ مطبوعات پر ہونے والے کام کے متعلق حوصلہ افزاء معلومات بہم پہنچائیں۔ نمازِ مغرب اور چائے کے وقفہ کے بعد محترم عاطف طفیل صاحب نے ''Science of Persuasion'' کے عنوان سے ایک ورکشاپ منعقد کی جس میں اراکینِ بزم کو نہایت مفید معلومات بہم پہنچائی گئیں۔
اس طویل ورکشاپ کے بعد ایک وقفہ کیا گیا اور اس کے بعد محترم محمد اقبال صاحب نمائندہ طلوع اسلام بزم کراچی صدر نے ''مفہوم القرآن سافٹ وئیر'' کے حوالہ سے ایک پریذینٹیشن دی۔ اس میں انہوں نے سافٹ وئیر کی تیاری اور لانچنگ کے حوالہ سے حاضرین کو آگاہ کیا۔ اس کے علاوہ بزم کراچی صدر کے دیگر بہت سے اہم پراجیکٹس، جیسا کہ دروس القرآن کی میموری کارڈ میں منتقلی، بہت سی کتابوں کی آڈیو بکس کی تیاری وغیرہ شامل ہے، سے متعلق مفید معلومات مہیا کیں۔ تمام پریذینٹیشنز ملٹی میڈیا کے ذریعے دی گئیں۔ نمازعشاء کے بعد عشائیہ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ کھانے کے بعد بھی مختلف بزموں کے احباب بہت سی ٹولیوں میں بیٹھ گئے اور فکرِ قرآنی سے متعلق رات گئے تک مصروفِ گفتگو رہے۔
یکم نومبر کی صبح ناشتہ کے بعد سیمینار کا پروگرام قریب ہی واقع ایک بڑے ہال میں منعقد کیا گیا۔ تقریباً 11 بجے ہال کھچا کھچ بھر چکا تھا۔ محترم محمد عمر صاحب نے مائیک سنبھالتے ہوئے سوات سے تشریف لائے غلام الرحمٰن کو تلاوتِ قرآن کے لیے دعوت دی۔ اس کے بعد چیئرمین ادارہ محمد اکرم راٹھور صاحب نے کلامِ اقبال ترنم سے پڑھا اور خطبۂ افتتاحیہ دیا۔ بعد میں مختلف مقررین کے اظہار خیال کا سلسلہ شروع ہو گیا جو کہ صدرِ مجلس ڈاکٹر انعام الحق صاحب کے صدارتی خطبہ کے ساتھ سہ پہر ساڑھے تین بجے کے بعد اختتام پذیر ہوا۔ انہوں نے تمام مقررین کے کلام پر مختصر تجزیاتی کلمات ادا کرتے ہوئے سیمینار کے اِختتام کا اعلان کیا۔ بعد ازاں محمد عمر صاحب نمائندہ بزم طلوع اسلام نے حاضرین کو کھانے کا مژدۂ جاں فزا سنایا۔
دوروزہ سرگرمیوں سے بھرپور یہ اجتماع یکم نومبر کی رات کو پرخلوص دعاؤں اور دوبارہ ملنے کی شدید تمناؤں کے ساتھ ختم ہوا۔ پس منظر میں کہیں دور سے آواز سنائی دے رہی تھی!

بھاویں ہجر تے بھاویں وصال ہووے
وکھو وکھ دوواں دیاں لذتاں نیں

رسالہ نہ ملنے کی صورت میں مندرجہ ذیل نمبرز پر رابطہ کریں شکریہ
Cell: 0321-4460787 Phone: 042-35714546

اجلاس جنرل کونسل ادارہ طلوعِ اسلام

منعقدہ مورخہ 31 اکتوبر 2015ء

اجلاس جنرل کونسل کے دوران بزم ہائے طلوع اسلام کے نمائندگان

محمد عمر، بزم لاہور

پروفیسر ڈاکٹر صالحہ نغمی، بزم خواتین لاہور

خورشید انور، وائس چیئرمین ادارہ

محمد اقبال، بزم کراچی صدر

آصف جلیل، بزم کراچی ملیرسٹی

اعجاز رسول، بزم ہائے یو۔ کے

خان محمد، بزم منڈی بہاؤالدین

عقیل حیدر، بزم فیصل آباد

اجلاس جنرل کونسل کے دوران بزم ہائے طلوعِ اسلام کے نمائندگان

ڈاکٹر سلیم قمر، بزم پنج کسی

احمد علی، بزم اوکاڑہ

احمد نواز، بزم ایبٹ آباد

چوہدری دلمیر خان، بزم چینوٹ

محمد اقبال، بزم سرگودھا

محمد حنیف، بزم سیالکوٹ

ملک محمد سلیم، بزم راولپنڈی

ڈاکٹر محمد یونس جاوید، بزم غلام محمد آباد، فیصل آباد

پریزنٹیشن: محمد اقبال صاحب (نمائندہ بزم طلوع اسلام کراچی صدر)

پریزنٹیشن: عابد حسین صاحب (بزم طلوع اسلام راولپنڈی)

رپورٹ طلوع اسلام ٹرسٹ از منیجر طلوع اسلام ٹرسٹ

محترم عاطف طفیل صاحب کی "Science of Persuasion" کے عنوان سے ورکشاپ

سیمینار ادارہ طلوعِ اسلام

منعقدہ مورخہ یکم نومبر 2015ء

محمد عمر نظامت کے فرائض ادا کرتے ہوئے

غلام الرحمٰن تلاوتِ قرآنِ کریم کے دوران

عقیل حیدر نعتیہ کلام پیش کرتے ہوئے

محمد اکرم راٹھور علامہ اقبال کی نظم پڑھتے اور خطبۂ افتتاحیہ دیتے ہوئے

خورشید انور اظہارِ خیال کرتے ہوئے

پروفیسر ڈاکٹر صالحہ نغمی، بزمِ خواتین لاہور

مزمل حسنین تقریر کے دوران

حاضرینِ مجلس کا ایک منظر

عاطف طفیل اپنے انداز میں تقریر کرتے ہوئے

سماعت گاہ کا ایک منظر



اسٹیج پر موجود مہمانان خصوصی ڈاکٹر حامد اے میاں وائس چیئرمین ادارہ، حنیف وجدانی، ڈاکٹر انعام الحق صدرِ مجلس اور خورشید انور وائس چیئرمین ادارہ

ذروہ عروج اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے

سامعینِ کرام

ڈاکٹر طاہرہ اکرم اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے

ڈاکٹر عبدالرزاق اپنا مقالہ پیش کرتے ہوئے



حنیف وجدانی اشعارِ اقبال پیش کرتے ہوئے

محمد اقبال اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے

پروفیسر عبدالرؤف بھٹہ عربی کے رموز سکھاتے ہوئے

حاضرینِ مجلس کا ایک منظر

اقبال ادریس، منگورہ سوات

عبداللہ ثانی منفرد انداز میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے

محمد شکیل مغل اظہارِ خیال کے دوران

خالد فاروقی اظہارِ خیال کرتے ہوئے

عافیہ فاروقی تقریر کرتے ہوئے

سامعین کرام کا ایک منظر

اعجاز رسول صاحب تقریر کرتے ہوئے

ڈاکٹر حامد اے میاں وائس چیئرمین ادارہ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے

صدرِ مجلس، ڈاکٹر انعام الحق صدارتی کلمات ادا کرتے ہوئے

سامعین کرام

ادارہ

معراجِ نبوی ﷺ کے دو رُخ

پرویز صاحب کی تقریر جو انہوں نے 7 جون 1947ء کو آل انڈیا ریڈیو دہلی سے براڈ کاسٹ کی تھی۔
(ادارہ)

کائنات میں جب سے شعورِ انسانی نے آنکھ کھولی ہے، زندگی اور اس کے متعلقہ مسائل اس کے لیے ہمیشہ وجۂ کاوش و اضطراب رہے ہیں۔ انسان کیا ہے؟ جوئے زندگی کا سرچشمہ کونسا ہے؟ اس کائنات میں انسان کا مقام کیا ہے؟ کاروانِ حیات کی منزل کونسی ہے؟ مرنے کے بعد انسان پر کیا گذرتی ہے؟ یہ اور اسی قسم کے اور سوالات، ذہنِ انسانی میں پیدا ہوتے رہے اور علمِ انسانی ان کے اطمینان بخش حل کی تلاش میں ہمیشہ طلسم پیچ و تاب بنا رہا۔ فکر انسانی کی پوری تاریخ انہی سوالات کے حل کی تلاش کی مسلسل داستان ہے اور یونان کی حکمت گاہیں اور ایران کے آتش کدے، ہندوستان کی غاریں اور شام کی خانقاہیں سب اسی داستان کے بکھرے ہوئے اوراق ہیں۔

اس میں شبہ نہیں کہ فکر انسانی نے اس باب میں بڑی کدوکاوش سے کام لیا ہے لیکن جہاں وہ ایک طرف ان مسائل کی گہرائیوں اور بلندیوں تک پہنچنے کی کوشش کرتا رہا ہے ایک جویائے حقیقت کے لیے یہ امر بھی کچھ کم باعثِ حیرت نہیں کہ وہ دوسری طرف اس سطحیت پر آ کر رک بھی گیا ہے کہ ؎

زندگی کیا ہے؟ عناصر میں ظہورِ ترتیب
موت کیا ہے؟ انہی اجزا کا پریشاں ہونا

اگر آپ غور کریں گے تو یہ حقیقت اُبھر کر آپ کے سامنے آجائے گی کہ یہ مادی نظریۂ زندگی، یہ میکانکی تصورِ حیات، یہ دعویٰ کہ اندھی فطرت کے ایک ہنگامی عمل سے انسان میں زندگی نمودار ہوگئی اور اس کی موت کے ساتھ اس کا خاتمہ ہوجائے گا، فکرِ انسانی کے تجسس و کاوش کا ماحصل نہیں بلکہ ادراکِ حقیقت میں اس کے عجز و واماندگی کا اعتراف ہے، یہ منزل پر پہنچے ہوئے مسافر کا سکون نہیں بلکہ تھک کر راستے میں بیٹھ جانے والے درماندہ راہرو کی صدائے دردناک ہے۔ یہ زندگی کے حقائق کا مردانہ وار مقابلہ کرنے کا عزم نہیں بلکہ اس سے گریز و فرار کا پُرفریب گوشۂ عافیت ہے۔ اس نظریہ کی ابتداء یونان کی ابیقوریت سے ہوئی لیکن یہ اپنے شباب پر یورپ کی عشرت گاہوں میں بیسویں صدی میں آ کر پہنچا۔ لیکن یہ نظریہ اس قدر علم حقیقت کے

خلاف اور سطحیت کی کمزور بنیادوں پر استوار تھا کہ ابھی اپنی جوانی کی چند بہاریں بھی دیکھنے نہ پایا تھا کہ خود یورپ کے مفکرین کے ہاتھوں اس کا خاتمہ ہوگیا اور انہی تجربہ گاہوں ۔۔۔ سے جن میں اس نے نشوونما پائی تھی، ایڈنگٹن کے الفاظ میں یہ آوازیں اٹھنی شروع ہوگئیں کہ:

''ہمیں اس حقیقت کا اعتراف کرنا پڑے گا کہ انسان خالص طبعی عناصر سے ایک مختلف اور جداگانہ شے ہے۔ قطع نظر اس کے کہ یہ نظریہ کس طرح علم وحقیقت کے خلاف ثابت ہوا، یہ امر بھی غور طلب ہے کہ اس نے اس کائنات میں انسان کے مرتبۂ بلند کو کس طرح ذلت کی پستیوں میں گرادیا۔ اس سے انسان ایک مشین بن کر رہ گیا یا زیادہ سے زیادہ حیوان۔ زندگی نام رہ گیا ارتباط جسم وجان کے لیے روٹی کا اور انسانی جدوجہد کا ماحصل، اس روٹی کا حصول، نہ انسان کے لیے کوئی نصب العین رہا نہ زندگی کے لیے کوئی درخشندہ اقدار، زندگی بلا مقصد، مستقبل تاریک۔ اس کا لازمی نتیجہ وہ تصادم وتزاحم تھا جس نے یورپ اور اس کے ساتھ ساری دنیا کو اس طرح جہنم زار بنا رکھا ہے۔''

ڈاکٹر میسن کے الفاظ میں:

''ہمارے دور میں خوشحالی اس قدر فراواں ہے کہ باید وشاید، عیش وعشرت کے سامان ہر جگہ موجود ہیں، مادی کامیابی کے مواقع نچلے سے نچلے درجے کے انسانوں تک کو میسر ہیں۔ لیکن انسان بے حد مضطرب وبے قرار ہے۔ تخلیق کی قوتِ محرکہ کبھی مستقل طور پر ایسے نظریہ کو سینے سے لگائے نہیں رکھ سکتی جو انسانی ذات کو محض مادے کی نمود قرار دے، ایسے نظریہ کے ماتحت افراد اور قومیں دونوں تباہ ہوکر خاک میں مل جاتی ہیں۔''

یہ تھا مادی نظریۂ حیات۔

حکمتِ یونان کے ایک اور گوشے نے جس میں فیثاغورث کا نام ممتاز حیثیت رکھتا ہے، تسلسلِ حیات کا اعتراف تو کیا لیکن اس نے زندگی کو اس آب وگل کی دنیا میں چکر دینے شروع کردیئے جس سے اس کا تسلسل دوری حرکت میں تبدیل ہوکر بے نتیجہ بن کر رہ گیا اور افقِ زندگی پر مایوسی کی ظلمت ناک گھٹائیں چھا گئیں۔

لیکن قرآن نے انسان کو ایک نیا تصورِ حیات دیا جس نے دنیائے فکر وعمل میں انقلاب پیدا کردیا۔ اس نے کہا کہ زندگی ایک جوئے رواں ہے اور موت سے اس کا خاتمہ نہیں ہوجاتا۔ اس سے ہوتا صرف اس قدر ہے کہ یہ ندی، پہاڑ کی اوٹ میں جا کر تمہاری نگاہوں سے اوجھل ہوجاتی ہے۔ کاروانِ حیات ایک شاہراہ عظیم یعنی صراطِ مستقیم پر ایک حسین وجمیل منزل کی طرف بڑھے جارہا ہے۔ یہ وہ راستہ ہے جس پر خالقِ کائنات کا قانونِ مشیت ساری کائنات کو رواں دواں اور کشاں کشاں

لیے جارہا ہے اور خالقِ کائنات، رب ذی المعارج یعنی بلندیوں کا خدا ہے اس لیے یہ صراطِ مستقیم نہ صرف سیدھی راہ ہے بلکہ بلندیوں کی طرف لے جانے والی بھی ہے۔ لہٰذا زندگی کی حرکت دَوری نہیں بلکہ عمودی اور ارتقائی ہے۔ بلند سے بلندتر مقامات تک لے جانے والی۔ خاک کے ذرّے، اپنی ارتقائی منزل طے کر کے انسانی پیکر میں متشکل ہو گئے۔ اب اس کے بعد یہ ارتقاء، طبیعی ارتقاء (Physical Evolution) نہیں بلکہ شرفِ انسانیت کا ارتقاء ہوگا۔ اس عروج وارتقاء سے انسان، قرآن کے الفاظ میں اقطار السمٰوٰت والارض یعنی اس طبیعی کائنات (Physical Universe) کی حدود سے آگے نکل سکتا ہے۔ وہ قوت جس سے انسان، شرف انسانیت کی ان تحیر انگیز بلندیوں تک جا پہنچتا ہے۔ ضمیر کائنات یعنی قوانین خداوندی کی ہم آہنگی سے پیدا ہوتی ہے۔ اسی کا نام اطاعتِ خداوندی ہے جو درحقیقت قوت وحیات کے اس سرچشمۂ حقیقی سے رفاقت کا نام ہے، اسی اطاعت ورفاقت کو اسلام کہتے ہیں اور اس کی مکمل تفسیر، مقام محمدی میں ملتی ہے۔ اس لیے مقام محمدی شرفِ انسانیت کے نقطۂ کمال کا ترجمان ہے اور اس کا نام انسانیت کی معراج کبریٰ ہے۔ پیامِ محمدی نے (جو وحی کے ذریعے صرف رسول ہی کو مل سکتا تھا) انسان کو اس کے حقیقی مقام سے آشنا کرادیا اور اسے بتادیا کہ مادی دنیا، ارتقائے انسانیت کی راہ میں حائل نہیں ہوسکتی۔ بلکہ اس کی تسخیر اور صحیح مقصد میں اس کا صرف، اس ارتقاء کے لیے ممدومعاون ہوتا ہے۔ درخت کی جڑیں اس لیے خاک میں پیوست ہوتی ہیں کہ اس کی شاخیں آسمان کو چھولیں۔ اس تسخیر مادہ سے، خود مادہ کے اندر روح کی نمود ہوجاتی ہے اور اس طرح انسان اپنی ارتقائی منازل طے کرتا اقطار السموات والارض یعنی کائنات کی چاردیواری سے بلند ہوتا جاتا ہے یہی معراج انسانیت ہے جس کے فقدان سے آج انسان بایں ہمہ ادعائے علم وتحقیق، جہالت کی پستیوں میں گرتا جارہا ہے اور جس کی تصویر میسن نے ان الفاظ میں کھینچی ہے۔

''ہمارے دور میں جس چیز کی کمی ہے وہ انسانی خودی ہے جس کی نمود مادہ اور روح دونوں میں ہونی چاہئے۔ انسان مادی کامرانیوں میں ڈوبا ہوا پریشان اور ایک عجیب الجھاؤ میں ہے اس لیے کہ اس کی ذات اپنے آپ کو مادہ سے بلند نہیں لے جاسکتی بلکہ مادہ کے اندر ڈوبی ہوئی محسوس کرتی ہے۔ اس کا ضطراب اس لیے ہے کہ اس کا تحت الشعور یہ چاہتا ہے کہ وہ ثابت کردے کہ وہ مادہ سے جن چیزوں کی تخلیق کرتا ہے خود ان سے کچھ بیش ہے۔ وہ مادی کاری گری کو بحال رکھنا چاہتا ہے اس لیے کہ اس کی قوتِ تخلیق کی مدد کے لیے یہ ضروری ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی وہ یہ بھی چاہتا ہے کہ اپنے آپ کو مادیت سے بلند لے جائے اور اس کی ذات کا اندازہ اس کی مادی تخلیق سے لگایا جائے بلکہ اس سے کہ وہ خود کیا ہے۔''

سلام ہو اس ذات اقدس واعظم (صلی اللہ علیہ وسلم) پر جس نے انسان کو بتایا کہ وہ مادی کاریگری کو بحال رکھتے ہوئے کس طرح

اپنے آپ کو مادہ کی چار دیواری سے بلند لے جاسکتا ہے اور صرف بتایا ہی نہیں بلکہ خود معراجِ انسانیت کے اس افقِ اعلیٰ پر متمکن ہوکر دکھا دیا کہ ان بلند مقامات تک پہنچنے کی راہ کونسی ہے۔ اگر مسلمان دنیا میں معراجِ محمدی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی یاد قائم رکھنا چاہتا ہے تو اس کا ایک ہی ذریعہ ہے اور وہ یہ کہ یہ اپنے آپ کو ایک ایسی ملت ثابت کرے جس کے سامنے زندگی کا بلند نصب العین ہو اور دل میں اس نصب العین کے حصول کی تڑپ۔ جس کی نگاہ پاک ہو اور حوصلہ بیباک، سینہ کشادہ ہو اور ہمت بلند۔ جو کائنات کی قوتوں کو مسخر کر کے انہیں تعمیرِ انسانیت کے پاکیزہ مقصد میں صرف کرے اور اس طرح خود بھی خار و خسِ چمن ہونے کی بجائے شاخِ نہالِ سدرہ بن جائے اور اپنے ساتھ ساری دنیا کو اس جہانِ آب و گل کی پستیوں سے نکال کر فلک الافلاک کی بلندیوں تک لے جائے۔

یہ نیلگوں فضاء جسے کہتے ہیں آسماں
ہمت ہو پر کُشا تو حقیقت میں کچھ نہیں

---

(2)

(سید ابوالاعلیٰ صاحب مودودی کی ریڈیو کی تقریر جو ترجمان القرآن بابت اگست 1951ء میں شائع ہوئی تھی)

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو پیغمبری کے منصب پر سرفراز ہوئے بارہ سال گذر چکے تھے 52 برس کی عمر تھی۔ حرم کعبہ میں سو رہے تھے۔ یکا یک جبریلؑ فرشتے نے آکر آپ کو جگایا۔ نیم خفتہ و نیم بیدار حالت میں اٹھا کر آپ کو زمزم کے پاس لے گئے۔ سینہ چاک کیا۔ زمزم کے پانی سے اس کو دھویا۔ پھر اسے علم اور بردباری اور دانائی اور ایمان و یقین سے بھر دیا۔ اس کے بعد آپ کی سواری کے لیے ایک جانور پیش کیا جس کا رنگ سفید اور قد خچر سے کچھ چھوٹا تھا۔ برق کی رفتار سے چلتا تھا اور اسی مناسبت سے اس کا نام "براق" تھا۔ پہلے انبیاء بھی اس نوعیت کے سفر میں اسی سواری پر جایا کرتے تھے۔ جب آپ سوار ہونے لگے تو وہ چمکا، جبرائیلؑ نے تھپکی دے کر کہا، دیکھ کیا کرتا ہے، آج تک محمدؐ سے بڑی شخصیت کا کوئی انسان تجھ پر سوار نہیں ہوا ہے۔ پھر آپ اس پر سوار ہوئے اور جبرائیلؑ آپ کے ساتھ چلے۔ پہلی منزل مدینہ کی تھی جہاں اتر کر آپ نے نماز پڑھی۔ جبرئیلؑ نے کہا اس جگہ آپ ہجرت کر کے آئیں گے۔ دوسری منزل طور سینا کی تھی جہاں خدا حضرت موسیٰؑ سے ہم کلام ہوا۔ تیسری منزل بیتِ لحم کی تھی جہاں حضرت عیسیٰؑ پیدا ہوئے۔ چوتھی منزل بیت المقدس تھا جہاں براق کا سفر ختم ہوا۔

اس سفر کے دوران میں ایک جگہ کسی پکارنے والے نے پکارا اِدھر آؤ۔ آپ نے توجہ نہ کی جبرائیلؑ نے بتایا یہ یہودیت

کی طرف بلا رہا تھا دوسری طرف سے آواز آئی اِدھر آؤ، آپ اس کی طرف بھی ملتفت نہ ہوئے۔ جبرائیلؑ نے کہا یہ عیسائیت کا داعی تھا۔ پھر ایک عورت نہایت بنی سنوری نظر آئی اور اس نے اپنی طرف بلایا۔ آپ نے اس سے بھی نظر پھیر لی۔ جبرائیلؑ نے کہا یہ دنیا تھی۔ پھر ایک بوڑھی عورت سامنے آئی۔ جبرائیلؑ نے کہا دنیا کی عمر کا اندازہ اس کی عمر سے کر لیجئے۔ پھر ایک اور شخص ملا جس نے آپ کو اپنی طرف متوجہ کرنا چاہا مگر آپ اسے بھی چھوڑ کر آگے بڑھ گئے۔ جبرائیلؑ نے کہا یہ شیطان تھا جو آپ کو راستہ سے ہٹانا چاہتا تھا۔

بیت المقدس پہنچ کر آپ براق سے اتر گئے اور اسی مقام پر اُسے باندھ دیا جہاں پہلے انبیاء اس کو باندھا کرتے تھے۔ ہیکلِ سلیمانی میں داخل ہوئے تو ان سب پیغمبروں کو موجود پایا جو ابتدائے آفرینش سے اس وقت تک دنیا میں پیدا ہوئے تھے۔ آپؐ کے پہنچتے ہی نماز کے لیے صفیں بندھ گئیں۔ سب منتظر تھے کہ امامت کے لیے کون آگے بڑھتا ہے۔ جبرائیلؑ نے آپ کا ہاتھ پکڑ کر آگے بڑھا دیا اور آپ نے سب کو نماز پڑھائی۔ پھر آپ کے سامنے تین پیالے پیش کیے گئے ایک میں پانی، دوسرے میں دودھ، تیسرے میں شراب، آپ نے دودھ کا پیالہ اٹھالیا۔ جبرائیلؑ نے مبارکباد دی کہ آپ فطرت کی راہ پا گئے۔

اس کے بعد ایک سیڑھی آپ کے سامنے پیش کی گئی اور جبرائیلؑ اس کے ذریعے سے آپ کو آسمان کی طرف لے چلے۔ عربی زبان میں سیڑھی کو معراج کہتے ہیں اور اسی مناسبت سے یہ سارا واقعہ معراج کے نام سے مشہور ہوا۔

پہلے آسمان پر پہنچے تو دروازہ بند تھا۔ محافظ فرشتوں نے پوچھا کون آتا ہے؟ جبرائیلؑ نے اپنا نام بتایا۔ پوچھا تمہارے ساتھ کون ہے؟ جبرائیلؑ نے کہا محمدؐ۔ پوچھا کیا انہیں بلایا گیا ہے؟ کہا ہاں تب دروازہ کھلا اور آپ کا پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔ یہاں آپ کا تعارف فرشتوں اور انسانی ارواح کی اُن بڑی بڑی شخصیتوں سے ہوا جو اس مرحلہ پر مقیم تھیں۔ ان میں نمایاں شخصیت ایک ایسے بزرگ کی تھی جو انسانی بناوٹ کا مکمل نمونہ تھے۔ چہرے مہرے اور جسم کی ساخت میں کسی پہلو سے کوئی نقص نہ تھا۔ جبرائیلؑ نے بتایا یہ آدم (علیہ السلام) ہیں، آپ کے مورثِ اعلیٰ۔ اِن بزرگ کے دائیں بائیں بہت لوگ تھے۔ وہ دائیں جانب دیکھتے تو خوش ہوتے اور بائیں جانب دیکھتے تو روتے۔ پوچھا یہ کیا ماجرا ہے؟ بتایا گیا کہ یہ نسل آدمؑ ہے۔ آدمؑ اپنی اولاد کے نیک لوگوں کو دیکھ کر خوش ہوتے ہیں اور بُرے لوگوں کو دیکھ کر روتے ہیں۔

پھر آپ کو تفصیلی مشاہدہ کا موقع دیا گیا۔ ایک جگہ آپ نے دیکھا کچھ لوگ کھیتی کاٹ رہے ہیں اور جتنی کاٹتے جاتے ہیں اتنی ہی وہ بڑھتی چلی جاتی ہے۔ پوچھا یہ کون ہیں؟ کہا گیا یہ خدا کی راہ میں جہاد کرنے والے ہیں۔

پھر دیکھا کچھ لوگ ہیں جن کے سر پتھروں سے کچلے جا رہے ہیں۔ پوچھا یہ کون ہیں؟ کہا گیا یہ وہ لوگ ہیں جن کی سرگرانی

انہیں نماز کے لیے اٹھنے نہ دیتی تھی۔

کچھ اور لوگ دیکھے جن کے کپڑوں میں آگے اور پیچھے پیوند لگے ہوئے تھے اور وہ جانوروں کی طرح گھاس چر رہے تھے۔ پوچھا یہ کون ہیں؟ کہا گیا یہ وہ ہیں جو اپنے مال میں سے زکوٰۃ خیرات کچھ نہ دیتے تھے۔

پھر ایک شخص کو دیکھا کہ لکڑیوں کا گٹھا جمع کر کے اٹھانے کی کوشش کرتا ہے اور جب وہ نہیں اٹھتا تو اس میں کچھ اور لکڑیاں بڑھا لیتا ہے۔ پوچھا یہ کون احمق ہے؟ کہا گیا یہ وہ شخص ہے جس پر امانتوں اور ذمہ داریوں کا اتنا بوجھ تھا کہ اٹھا نہ سکتا تھا مگر یہ ان کو کم کرنے کے بجائے اور زیادہ ذمہ داریوں کا بار اپنے اوپر لادے چلا جاتا تھا۔

پھر یہ دیکھا کہ کچھ لوگوں کی زبانیں اور ہونٹ قینچیوں سے کترے جا رہے ہیں۔ پوچھا یہ کون ہیں؟ کہا گیا یہ غیر ذمہ دار مقرر ہیں جو بے تکلف زبان چلاتے اور فتنہ برپا کیا کرتے تھے۔

ایک اور جگہ دیکھا کہ ایک پتھر میں ذرا سا شگاف ہوا اور اس سے ایک بڑا موٹا سا بیل نکل آیا۔ پھر وہ بیل اسی شگاف میں واپس جانے کی کوشش کرنے لگا مگر نہ جا سکا۔ پوچھا یہ کیا معاملہ ہے؟ کہا گیا یہ اس شخص کی مثال ہے جو غیر ذمہ داری کے ساتھ ایک فتنہ انگیز بات کر جاتا ہے پھر نادم ہو کر اس کی تلافی کرنا چاہتا ہے مگر نہیں کر سکتا۔

ایک اور مقام پر کچھ لوگ تھے جو اپنا گوشت کاٹ کاٹ کر کھا رہے تھے۔ پوچھا یہ کون ہیں؟ کہا گیا یہ دوسروں پر زبانِ طعن دراز کرتے تھے۔ انہی کے قریب کچھ اور لوگ تھے جن کے ناخن تانبے کے تھے اور وہ اپنے منہ اور سینے نوچ رہے تھے۔ پوچھا یہ کون ہیں؟ کہا گیا یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کے پیٹھ پیچھے ان کی برائیاں کرتے اور ان کی عزت پر حملے کیا کرتے تھے۔

کچھ اور لوگ دیکھے جن کے ہونٹ اونٹوں کے مشابہ تھے اور وہ آگ کھا رہے تھے۔ پوچھا یہ کون ہیں؟ کہا گیا یہ یتیموں کا مال ہضم کرتے تھے۔ پھر دیکھا کچھ لوگ ہیں جن کے پیٹ بے انتہا بڑے اور سانپوں سے بھرے ہوئے ہیں۔ آنے جانے والے ان کو روندتے ہوئے گذرتے ہیں مگر وہ اپنی جگہ سے ہل نہیں سکتے۔ پوچھا یہ کون ہیں؟ کہا گیا یہ سود خوار ہیں۔

پھر کچھ اور لوگ نظر آئے جن کے ایک جانب نفیس چکنا گوشت رکھا تھا اور دوسری جانب سڑا ہوا گوشت، جس سے سخت بدبو آ رہی تھی۔ وہ اچھا گوشت چھوڑ کر سڑا ہوا گوشت کھا رہے تھے۔ پوچھا یہ کون ہیں؟ کہا گیا یہ وہ مرد اور عورتیں ہیں جنہوں نے حلال بیویوں اور شوہروں کے ہوتے حرام سے اپنی خواہشِ نفس پوری کی۔

پھر دیکھا کہ کچھ عورتیں اپنی چھاتیوں کے بل لٹک رہی ہیں۔ پوچھا یہ کون ہیں؟ کہا گیا یہ وہ عورتیں ہیں جنہوں نے اپنے شوہروں کے سر ایسے بچے منڈھ دیئے جو اُن کے نہ تھے۔

انہی مشاہدات کے سلسلہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات ایک ایسے فرشتے سے ہوئی جو نہایت تُرش رُوئی سے ملا۔ آپؐ نے جبرائیلؑ سے پوچھا اب تک جتنے فرشتے ملے تھے سب خندہ پیشانی اور بشاش چہروں کے ساتھ ملے۔ ان حضرت کی خشک

مزاجی کا کیا سبب ہے؟ جبرائیلؑ نے کہا اس کے پاس ہنسی کا کیا کام، یہ تو دوزخ کا داروغہ ہے۔ یہ سن کر آپ نے دوزخ دیکھنے کی خواہش ظاہر کی۔ اس نے یکا یک آپ کی نظر کے سامنے سے پردہ اٹھا دیا اور دوزخ اپنی تمام ہولناکیوں کے ساتھ نمودار ہوگئی۔

اس مرحلہ سے گذر کر آپ دوسرے آسمان پر پہنچے۔ یہاں کے اکابر میں دو نوجوان سب سے ممتاز تھے تعارف پر معلوم ہوا یہ یحییٰؑ اور عیسیٰؑ ہیں۔

تیسرے آسمان پر آپ کا تعارف ایک بزرگ سے کرایا گیا جن کا حسن عام انسانوں کے مقابلہ میں ایسا تھا جیسے تاروں کے مقابلہ میں چودھویں کا چاند۔ معلوم ہوا یہ یوسف علیہ السلام ہیں۔

چوتھے آسمان پر حضرت ادریسؑ، پانچویں پر حضرت ہارونؑ، چھٹے پر حضرت موسیٰؑ آپ سے ملے۔ ساتویں آسمان پر پہنچے تو ایک عظیم الشان محل (بیت المعمور) دیکھا جہاں بے شمار فرشتے آتے اور جاتے تھے۔ اس کے پاس آپ کی ملاقات ایک ایسے بزرگ سے ہوئی جو خود آپ سے بہت مشابہ تھے تعارف پر معلوم ہوا حضرت ابراہیمؑ ہیں۔

پھر مزید ارتقاء شروع ہوا یہاں تک کہ آپ سدرۃ المنتہیٰ پر پہنچ گئے جو پیش گاہِ رب العزت اور عالمِ خلق کے درمیان حدِ فاصل کی حیثیت رکھتا ہے۔ نیچے سے جانے والے یہاں رُک جاتے ہیں اور اوپر سے احکام اور فرامین براہ راست یہاں آتے ہیں۔ اسی مقام کے قریب آپ کو جنت کا مشاہدہ کرایا گیا اور آپ نے دیکھا کہ اللہ نے اپنے صالح بندوں کے لیے وہ کچھ مہیا کر رکھا ہے جو نہ کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی ذہن میں اس کا تصور تک گذر سکا۔

سدرۃ المنتہیٰ پر جبرائیلؑ ٹھہر گئے اور آپ تنہا آگے بڑھے۔ ایک بلند ہموار سطح پر پہنچے تو بارگاہِ جلال سامنے تھی ہم کلامی کا شرف بخشا گیا جو باتیں ارشاد ہوئیں ان میں سے چند یہ ہیں:

(1) ہر روز پچاس نمازیں فرض کی گئیں۔

(2) سورۃ البقرہ کی آخری دو آیتیں تعلیم فرمائی گئیں۔

(3) شرک کے سوا دوسرے سب گناہوں کی بخشش کا امکان ظاہر کیا گیا۔

(4) ارشاد ہوا کہ جو شخص نیکی کا ارادہ کرتا ہے اس کے حق میں نیکی لکھ لی جاتی ہے اور جب وہ اس پر عمل کرتا ہے تو دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ مگر جو برائی کا ارادہ کرتا ہے اس کے خلاف کچھ نہیں لکھا جاتا اور جب وہ اس پر عمل کرتا ہے تو ایک ہی برائی لکھی جاتی ہے۔

پیشیٔ خداوندی سے واپسی پر نیچے اترے تو حضرت موسیٰؑ سے ملاقات ہوئی انہوں نے روداد سن کر کہا میں بنی اسرائیل کا تلخ تجربہ رکھتا ہوں، میرا اندازہ ہے کہ آپ کی امت پچاس نمازوں کی پابندی نہیں کرسکتی۔ جایئے اور کمی کے لیے عرض کیجئے۔ آپ گئے اور اللہ جل شانہٗ نے دس نمازیں کم کر دیں۔ پلٹے تو حضرت موسیٰؑ نے پھر وہی بات کہی۔ ان کے کہنے پر آپ بار بار اوپر جاتے

رہے اور ہر بار دس نمازیں کم کی جاتی رہیں۔ آخر پانچ نمازوں کی فرضیت کا حکم ہوا اور فرمایا گیا کہ یہی پچاس کے برابر ہیں۔

واپسی کے سفر میں آپ اسی سیڑھی سے اتر کر بیت المقدس آئے، یہاں پھر تمام پیغمبر موجود تھے۔ آپ نے ان کو نماز پڑھائی جو غالباً فجر کی تھی۔ پھر براق پر سوار ہوئے اور مکہ واپس پہنچ گئے۔

صبح سب سے پہلے آپ نے اپنی چچازاد بہن امِ ہانی کو یہ روداد سنائی۔ پھر باہر نکلنے کا قصد کیا۔ انہوں نے آپ کی چادر پکڑ لی اور کہا خدا کے لیے یہ قصہ لوگوں کو نہ سنایئے گا ورنہ ان کو آپ کا مذاق اڑانے کے لیے ایک اور شوشہ ہاتھ آجائے گا مگر آپ یہ کہتے ہوئے باہر نکل گئے کہ میں ضرور بیان کروں گا۔ حرم کعبہ میں پہنچے تو ابوجہل سے آمنا سامنا ہوا۔ اس نے کہا کوئی تازہ خبر؟ فرمایا ہاں۔ پوچھا کیا؟ فرمایا یہ کہ میں آج کی رات بیت المقدس گیا تھا۔ کہا بیت المقدس؟ راتوں رات ہو آئے؟ اور صبح یہاں موجود ہو؟ فرمایا ہاں۔ کہا قوم کو جمع کروں؟ سب کے سامنے یہی بات کہو گے؟ فرمایا بے شک، ابوجہل نے آوازیں دے دے کر سب کو جمع کر لیا اور کہا لو اب کہو۔ آپؐ نے سب کے سامنے پورا قصہ بیان کر دیا۔ لوگوں نے مذاق اڑانا شروع کیا۔ دو مہینے کا سفر ایک رات میں؟ ناممکن! محال! پہلے تو شک تھا، اب یقین ہو گیا کہ تم دیوانے ہو گئے ہو۔

آناً فاناً یہ خبر تمام مکہ میں پھیل گئی۔ بہت سے مسلمان اس کو سن کر اسلام سے پھر گئے۔ لوگ اس امید پر حضرت ابوبکرؓ کے پاس پہنچے کہ یہ محمدؐ کے دستِ راست ہیں، یہ پھر جائیں تو اس تحریک کی جان ہی نکل جائے انہوں نے یہ قصہ سن کر کہا اگر واقعی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ واقعہ بیان کیا ہے تو ضرور سچ ہوگا اس میں تعجب کی کیا بات ہے۔ میں تو روز سنتا ہوں کہ ان کے پاس آسمان سے پیغام آتے ہیں اور اس کی تصدیق کرتا ہوں۔

پھر حضرت ابوبکرؓ حرم کعبہ میں آئے۔ رسول اللہؐ موجود تھے اور ہنسی اُڑانے والا مجمع بھی۔ پوچھا کیا واقعی آپ نے ایسا فرمایا ہے؟ جواب دیا ہاں۔ کہا بیت المقدس میرا دیکھا ہوا ہے، آپ وہاں کا نقشہ بیان کریں۔ آپ نے فوراً نقشہ بیان کرنا شروع کر دیا اور ایک ایک چیز اس طرح بیان کی گویا بیت المقدس سامنے موجود ہے اور دیکھ دیکھ کر اس کی کیفیت بتا رہے ہیں۔ حضرت ابوبکرؓ کی اس تدبیر سے جھٹلانے والوں کو ایک شدید ضرب لگی۔ وہاں بکثرت ایسے آدمی موجود تھے جو تجارت کے سلسلہ میں بیت المقدس جاتے رہتے تھے۔ وہ سب دلوں میں قائل ہو گئے کہ نقشہ بالکل صحیح ہے۔ اب لوگ آپ کے بیان کی صحت کا مزید ثبوت مانگنے لگے۔ فرمایا جاتے ہوئے میں فلاں مقام پر فلاں قافلہ پر سے گذرا جس کے ساتھ یہ یہ سامان تھا، قافلے والوں کے اونٹ براق سے بھڑکے۔ ایک اونٹ فلاں وادی کی طرف بھاگ نکلا۔ میں نے قافلہ والوں کو اس کا پتہ بتایا۔ واپسی میں فلاں وادی میں فلاں قبیلہ کا قافلہ مجھے ملا، سب سو رہے تھے، میں نے ان کے برتن سے پانی پیا اور اس بات کی علامت چھوڑ دی کہ اس سے پانی پیا گیا ہے۔ ایسے ہی کچھ اور اَتے پتے آپ نے دیئے اور بعد میں آنے والے قافلوں سے ان کی تصدیق ہوئی۔ اس طرح زبانیں بند ہو گئیں مگر دل یہی سوچتے رہے کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ آج بھی بہت سے لوگ سوچ رہے ہیں کہ یہ کیسے ہوا؟

خواجہ ازہر عباس، فاضل درسِ نظامی
azureabbas@hotmail.com
www.azharabbas.com

جہاں میں آگ لگاتی پھرے گی بولہبی

مورخہ 21 اکتوبر 2015ء کے اخبار ''ڈیلی ڈان'' میں ایک خبر شائع ہوئی ہے جس کا عنوان ہے کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی کے صدر فتنہ انگیز مسائل کو حل کرنا چاہتے ہیں۔ ان کے اصل الفاظ ہیں:

CII chief wants to tackle " Incendiary Issues"

اس خبر میں تحریر ہے کہ حضرت مولانا محمد خاں شیرانی چیئر مین CII نے فرمایا کہ اگر ان کے ساتھیوں نے ان سے تعاون کیا تو وہ تین متنازعہ فیہ امور کا فیصلہ کرنا چاہتے ہیں۔ وہ تین امور یہ ہیں:

(1) پہلا مسئلہ یہ ہے کہ احمدی حضرات غیر مسلم ہیں یا مرتد ہیں۔ کیونکہ عام عقیدہ ہے کہ مرتد کی سزا موت ہے۔

(2) انہوں نے دوسرا مسئلہ یہ فرمایا کہ جزیہ ایک مذہبی ٹیکس ہوتا ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ اس کو پاکستان کے غیر مسلموں پر لگایا جائے یا نہیں۔

(3) مولانا کے سامنے تیسرا مسئلہ فرقوں سے متعلق ہے۔ حضرت کا خیال یہ ہے کہ یہ بات طے کی جائے کہ اسلام کے فرقوں میں سے کون سا فرقہ اسلام کے دائرہ میں آتا ہے اور کونسا فرقہ اسلام کی حد (Ambit) سے باہر ہے۔

اس خبر میں یہ اضافہ بھی کیا گیا ہے کہ اگرچہ یہ مسائل کونسل کے ایجنڈے میں کافی عرصہ سے شامل ہیں۔ لیکن کونسل کے ممبران ان امور پر بحث کرنے سے اجتناب ہی کررہے ہیں کیونکہ ان کے خیال میں اس سے معاشرہ کے جذبات مجروح ہوں گے۔

ایک سینئر جرنلسٹ جناب زاہد حسین صاحب نے ڈان سے یہ بات کہی کہ کونسل نے اس درجہ غیر معقولیت ظاہر کی ہوئی ہے کہ کوئی شخص ان کی طرف سنجیدگی سے توجہ نہیں کرتا۔

ہم نے خبر کا ملخص پیش خدمت عالی کر دیا ہے۔

قرآن کریم کا دعویٰ یہ ہے کہ وہ انسانیت کے ہر دور کے مسائل کا حل پیش کرتا ہے (40/60)۔ اس کا یہی دعویٰ اس کے وحی الٰہی ہونے کی دلیل ہے، اگر قرآن کریم انسانیت کے مسائل حل نہیں کرتا تو وہ وحی الٰہی نہیں ہوسکتا۔ لیکن یہ بات واضح ہے کہ قرآن کریم انسانیت کے مسائل اسلامی نظام کی معرفت حل کرتا ہے۔ اگر آپ اسلامی نظام قائم نہیں کرتے، اور انسانی ذہن کے وضع کردہ نظام جاری کرتے ہیں، تو قرآن کریم مسائل حل کرنے کا ذمہ دار نہیں ہے۔ قرآن کریم وعدہ کرتا ہے کہ اس

کی روشنی میں نافذ کئے گئے نظام میں وہ ایک ایک شخص کو رزق فراہم کرے گا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا قول ہے کہ اسلامی نظام کی سرپرستی میں ہر شخص رات اس حالت میں گذارے گا کہ اس نے کھانا کھایا ہوگا۔ اس میں کوئی شخص بھوک کی حالت میں رات نہیں گذارے گا۔ حضرت عمرؓ نے تو انسانوں کے علاوہ جانوروں کو بھی اس میں شامل فرمالیا تھا اور فرمایا تھا کہ اگر دجلہ کے کنارے ایک کتا بھی بھوک سے مرجائے تو اس کی ذمہ داری عمر کے اوپر ہے۔ لیکن اگر آپ اپنا وضع کردہ معاشی نظام جاری کریں گے۔ جس میں لوٹ مار کی کلّی اجازت ہوگی جس میں ملک کے لیڈروں نے اربوں روپے باہر کے ممالک کے بینکوں میں رکھے ہوں گے۔ کثیر رقومات سوئس Swiss بینکوں میں ہوگی۔ ملکیت زمین قرآن کی رو سے حرام ہے، لیکن جب ملک میں جاگیرداروں نے زمینوں پر قبضہ کیا ہو۔ معاوضہ محنت کی بجائے سرمایہ کا ہو۔ تو اس معاشی نظام میں رزق کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ پر نہیں رہتی اور نہ ہی قرآن ان کے معاشی مسائل حل کرسکتا ہے۔ جو مملکت اسلامی ہونے کا دعویٰ کرتی ہے، تو اس میں مسائل کا حل خود مملکت تلاش کرتی ہے۔ اس میں الگ کونسل آف آئیڈیالوجی بنانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اس نظام میں ساری کونسلیں، عدالتیں، تحصیلیں، تھانے، سب اسلامی ادارے ہیں اور یہ مساجد اللہ ہوتے ہیں۔

یہ بات بھی غور طلب ہے کہ پاکستان میں اس وقت حد درجہ اس بات کی کوشش ہورہی ہے کہ ملک میں انتہا پسندی اور تنگ نظری کو دور کیا جائے۔ مولانا محترم کے سامنے جو تین امور ہیں وہ تینوں امور سخت تنگ نظری اور تاریک خیالی پر مبنی ہیں اور ہر مسئلہ کے حل میں فتنہ انگیزی مضمر ہے۔ پیشتر اس سے کہ ان امور پر الگ الگ گفتگو کی جائے پہلے ہم ان قوانین یعنی اسلامی فقہ یا اسلامی شریعت کا تھوڑا سا تعارف عرض کردیں، جن قوانین کے مطابق مولانا شیرانی صاحب فیصلے کرتے ہیں اور جس فقہ کے مطابق وہ ان تینوں امور کے فیصلے کرنا چاہتے ہیں۔

ہمارے ہاں جس چیز کو اسلامی فقہ، اسلامی لاء یا اسلامی شریعت کہا جاتا ہے، اصل یہ ہے کہ یہ نام ہی گمراہ کن Deceptive ہے۔ یہ اسلامی قوانین نہیں ہیں بلکہ یہ مسلمانوں کے مختلف زمانوں کے اپنے وضع کردہ قوانین ہیں جب یہ قانون وضع کئے گئے تھے اس وقت دین کا کوئی تصور باقی نہیں رہا تھا اور دین کو مذہب میں تبدیل ہوئے عرصہ دراز گذر چکا تھا۔ اس لیے یہ اسلامی قوانین نہیں ہیں۔

پہلے آپ یہ ملاحظہ کریں کہ واقعاً اسلامی قوانین کس طرح بنتے تھے پھر آپ کو موجودہ فقہ کے اسقام و عیوب خود معلوم ہوجائیں گے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سخت کوشش اور محنت شاقہ کے بعد مدینہ میں اسلامی ریاست قائم فرمائی تھی۔ ظاہر ہے کہ حضورؐ کی موجودگی میں حضورؐ ہی اس کے سربراہ ہوسکتے تھے۔ یہ ریاست دس لاکھ مربع میل پر وسیع تھی اس لیے اتنی بڑی ریاست کو

حضور صلی اللہ علیہ وسلم خود تن تنہا نہیں چلا سکتے تھے۔ حضورؐ نے اپنی مدد کے لیے اور اس ریاست کو رَواں دَواں رکھنے کے لیے مقامی حکام مقرر فرمائے تھے۔ یہ مقامی حکام قریہ قریہ، گاؤں گاؤں مقرر فرمائے گئے اور قرآنِ کریم نے ان کو اولوالامر کے نام سے موسوم کیا۔ قرآنِ کریم نے ان مقامی مقام، اولوالامر کی اطاعت کو فرض قرار دیا ہے(4:59)۔ اس اسلامی ریاست کے باشندے اپنے مقدمات وتنازعات کے فیصلے ان مقامی حکام سے ہی کرا لیتے تھے، اور ان کی اطاعت کرتے تھے۔ ان اولوالامر کی اطاعت اللہ ورسول کی اطاعت تھی اور یہ ایک نظام کی اطاعت تھی۔ اس طرح قرآن کریم انسانیت کو انسانوں کی غلامی سے نکال کر براہ راست اللہ تعالیٰ کی محکومیت میں لے آیا۔ قرآن کریم اس ریاست کا کانسٹی ٹیوشن تھا(5:48) اور قرآنِ کریم اس ریاست کو چلانے کے لیے اصول دیتا چلا جارہا تھا۔ حضورؐ ان اصولوں کو عملاً نافذ فرماتے جارہے تھے اور ان اصولوں کی جزئیات بھی مقرر فرمارہے تھے حضورؐ کی تجویز کردہ جزئیات کو ہی مقامی حکمران بھی Carry out کرتے تھے اور اس طرح اسلامی قوانین وجود میں آتے جارہے تھے۔ حضورؐ کی وفاتِ مبارکہ کے بعد یہ ریاست قائم رہی اور اس کے مشورے کے بعد حضرت ابوبکرؓ اس کے سربراہ مقرر ہوئے۔ اب حضرت ابوبکرؓ کے فرائض میں یہ بات شامل تھی کہ وہ قرآنِ کریم کے اصولوں کی جزئیات مقرر کرکے ان کو عملاً جاری فرمائیں۔ وہ قرآنِ کریم کے اصول اور ان کی جزئیات جاری فرماتے تھے اور یہ غور فرمالیتے تھے کہ حضور نے اس اصول کی کیا جزئیات مقرر فرمائی ہیں۔ اگر وہ جزئیات حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ کے تقاضوں کے ساتھ رہتی تھیں تو حضرت ابوبکرؓ ان کو اسی طرح جاری فرمادیتے تھے ورنہ ان میں زمانہ کے تقاضوں کے مطابق ردوبدل کردیتے تھے۔ حضرت ابوبکرؓ کا دور بہت مختصر تھا۔ اس لیے تبدیلی کے مواقع بہت کم آئے البتہ حضرت عمرؓ کا دور نسبتاً طویل تھا تو ان کے دورِ خلافت میں ان جزئیات میں زیادہ ترمیمات ہوئیں اور یہ ترمیمات چالیس تھیں جو اولیاتِ عمر کے نام سے موسوم ہیں اور شاہ ولی اللہؒ صاحب نے ان کو یکجا بھی بیان کیا ہے۔ اس طرح اسلامی قانون Develop ہوتا چلا گیا۔ اسلامی قانون کے لیے شرط ہے کہ وہ قانون اسلامی نظام جاری کرتا ہے۔ اسلامی نظام کے جاری کردہ قوانین ہی اسلامی ہوتے ہیں ان قوانین میں نہ تو فرقہ بندی کی گنجائش ہوتی ہے اور نہ ہی پبلک لاء اور پرسنل لاء کی تفریق ہوتی ہے۔ اسلامی مملکت کے ان قوانین کی اطاعت، اللہ کی عبادت اور رسولؐ کی اطاعت ہوتی ہے۔ یہ ہے صحیح طریقہ اسلامی قوانین کے وضع کرنے کا۔

اس کے برخلاف آپ ان قوانین پر غور فرمائیں جو ہمارا موجودہ فقہ کہلاتا ہے اور جس کو امام ابوحنیفہؒ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ لیکن یہ فقہ امام ابوحنیفہؒ کا تحریر کردہ نہیں ہے۔ کیونکہ امام ابوحنیفہ کی کوئی کتاب نہیں ہے۔ انہوں نے کوئی کتاب تحریر ہی نہیں کی تھی۔ ہمارا موجودہ فقہ بنوعباس کے دور میں معرضِ وجود میں آیا۔ بنوعباس کی حکومت اسلامی حکومت نہیں تھی۔ وہ صرف مسلمانوں کی حکومت تھی۔ بنوعباس کے اکثر خلفاء نہایت آوارہ اور بدچلن تھے۔ ان کے حرم میں دودو ہزار کنیزیں

موجود ہوتی تھیں۔ چونکہ موجودہ فقہ کے قوانین اسلامی حکومت کے وضع کردہ قوانین نہیں ہیں۔ اس لیے یہ اسلامی قانون نہیں ہیں۔ اسلامی قانون صرف وہ ہوتا ہے جو اسلامی حکومت جاری کرتی ہے۔ شراب حرام ہے۔ لیکن اگر بھارت کی حکومت شراب نوشی کے خلاف قانون جاری کردے، تو وہ قانون اسلامی قانون نہیں بن سکتا۔ بنوعباس کے دور میں جب یہ قوانین وضع ہوئے تھے اس وقت ملوکیت جاری تھی۔ حکومت پبلک لاءز بنارہی تھی اور حکومت نے ہی اسلامی قوانین بنانے کی اجازت علماء کو دے دی تھی۔ ہمارا موجودہ فقہ ان ہی علماء کرام کا وضع کردہ ہے۔ یہ ان علماء کی ذاتی آراء تھیں جو انہوں نے وقتی مسائل حل کرنے کے لیے پیش کی تھیں نہ تو ان علماء کا مقصد ان کو ہمیشہ کے لیے برقرار رکھنے کا تھا اور نہ ہی یہ آئندہ ادوار کے مسائل حل کرنے کی غرض سے وضع کئے گئے تھے۔

ہمارے ہاں اجتہاد کا بھی بہت چرچا ہے اور لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ بس اجتہاد کرنے سے مسلمانوں کے قوانین میں اصلاح ہوجائے گی۔ جب کہ یہ قوانین دینی نہیں ہیں بلکہ مذہبی ہیں تو ان میں اجتہاد کیسے ہوسکتا ہے۔ اجتہاد تو اسلامی حکومت کرتی ہے۔ افراد الگ الگ اجتہاد نہیں کرتے۔ اگر ہماری مملکت اسلامی ہو، اور یہ مثلاً کشمیر کی پالیسی میں کوئی تبدیلی لائے، تو یہ اجتہاد ہوگا۔ اگر مملکت یہ فیصلہ کرتی ہے کہ ہندوستان سے Dialogue کرنے میں کوئی Change لاتی ہے۔ تو یہ اجتہاد ہوگا۔ ہمارے علماء کے نزدیک تو اجتہاد یہ ہے کہ روز 280 میل کی بجائے 30 میل پر قصر کرلیں۔ یا نوافل میں کمی بیشی کردیں۔ ہماری موجودہ فقہ میں معاملات اور عبادات کے قوانین الگ الگ ہوتے ہیں اور زیادہ تر قوانین پرستش سے متعلق ہوتے ہیں۔ آپ فقہ کی کتب کا مطالعہ فرمائیں۔ کتاب کے شروع میں ہی عبادت کا باب الگ ہوتا ہے تقریباً نصف کتاب عبادت کی رسوم سے متعلق ہوتی ہے۔ قرآنی قوانین میں یہ تفریق نہیں ہوتی۔ قرآنِ کریم کے ہر حکم کی اطاعت عبادت ہوتی ہے اور ہر عبادت حکم کا درجہ رکھتی ہے۔ قرآن میں حکم ہے کہ دوسروں کے گھروں میں بغیر اجازت داخل نہ ہو (24:27) جب آپ اس حکم کے پیشِ نظر دوسروں کے گھر بغیر اجازت نہیں جاتے تو یہ آپ عبادت الٰہی کرتے ہیں۔

اب ہم مولانا کے تینوں مسائل کا الگ الگ ذکر کرتے ہیں:

(1) مولانا کا پہلا مسئلہ ان کے بیان کے مطابق یہ ہے کہ ''احمدی حضرات غیر مسلم ہیں یا یہ مرتد ہیں۔ یہ عام عقیدہ ہے کہ مرتد کی سزا موت ہے۔'' مولانا کے اس بیان پر تعجب ہوتا ہے کہ وہ اس کا فیصلہ کیوں کرنا چاہتے ہیں اور ان کے نزدیک اس کی کیا اہمیت ہے۔ انہوں نے جو یہ فرمایا کہ مرتد کی سزا موت ہے تو اس سے تو یہ مترشح ہوتا ہے کہ اگر احمدی حضرات مرتد ہیں، تو ان احمدیوں کو موت کی سزا دے دینی چاہئے دوسری بات قابل غور یہ ہے کہ مولانا نے خود مرتد کی تعریف یہ کی ہے کہ مرتد وہ ہوتا ہے جو اسلام کو چھوڑ دیتا ہے۔ اس بارے میں عرض ہے کہ مرزا غلام احمد 1908ء میں فوت ہوا تھا اس کی وفات کو ایک سو سال

سے زیادہ کا عرصہ ہو گیا ہے اس موجودہ دور کے اکثر احمدی وہ ہیں جو احمدی خاندان اور احمدی کنبہ میں پیدا ہوتے ہیں۔ انہوں نے اسلام چھوڑ کر احمدیت اختیار نہیں کی پھر یہ سوال کیسے پیدا ہوتا ہے کہ وہ مسلم ہیں یا مرتد۔

اس بات پر بھی غور فرمائیں کہ لوگ احمدی کیوں ہوتے تھے۔ ان حضرات کے احمدی ہونے کی وجہ بھی ہمارے علماء کے خلافِ قرآن عقائد ہیں۔ مرزا نے مسیح موعود اور مہدی ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ ہمارے علماء نزول مسیح اور آمد مہدی کے قائل ہیں یہ دونوں عقیدے قرآن کے خلاف ہیں۔ ہمارے علماء خود غلط عقیدے اختیار کرتے ہیں۔ جن سے لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں۔ یہ آپ خود کرسیاں بچھاتے ہیں اور جب کوئی ان پر آ کر بیٹھتا ہے تو یہ اس کو جوتیاں مارتے ہیں۔ آپ نزول مسیح اور آمد مہدی کے خلافِ قرآن عقائد ترک کر دیں۔ احمدیت اور شیعیت آپ اپنی موت خود مر جائے گی۔

مولانا نے جو یہ فرمایا ہے کہ عام عقیدہ کے مطابق مرتد کی سزا موت ہے تو یہ بات انہوں نے درست فرمائی۔ موجودہ فقہ کے مطابق جس کے مولانا پابند ہیں، مرتد کی سزا موت ہی ہے۔ لیکن قرآن کریم کے نزدیک چونکہ ارتدار جرم نہیں ہے، اس لیے مرتد کی کوئی سزا نہیں ہے۔

اب ہم آپ کے سامنے وہ آیات پیش کرتے ہیں جن سے واضح ہوتا ہے کہ ارتداد کوئی جرم نہیں ہے۔ یہ آیات ہم نے فقہ القرآن سے لی ہیں جو مولانا عمر احمد عثمانی صاحب کی لاجواب، اور قابل ستائش تصنیف ہے۔

(1) كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُوْٓا۔۔۔ الخ (3:85-86)، ترجمہ: خدا ان لوگوں کو کیونکر ہدایت کرے جو ایمان لانے، رسول کی حقانیت کی گواہی دینے اور ان کے لیے واضح دلائل آ جانے کے بعد کفر کریں، خدا ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا۔ ان کا بدلا یہ ہے کہ ان پر اللہ، ملائکہ اور سب لوگوں کی لعنت ہے۔ وہ ہمیشہ اس لعنت میں رہیں گے۔ ان کے عذاب میں تخفیف نہیں ہوگی اور اُنہیں مہلت نہیں دی جائے گی۔ مگر وہ لوگ جو بعد ازاں توبہ کر لیں اور اپنی اصلاح کر لیں۔ کیونکہ خدا غفور و رحیم ہے۔

اس آیۂ کریمہ میں مرتد کی سزا موت نہیں بتائی بلکہ ان کی سزا یہ ہے کہ ان پر اللہ کی، فرشتوں کی اور تمام انسانوں کی لعنت ہوگی۔ وہ عذاب میں گرفتار ہوں گے یہ ساری اخروی سزائیں ہیں اور ان کے لیے توبہ کا دروازہ کھلا ہے کہ توبہ کر لیں اور اعمال درست کر لیں تو اللہ غفور و رحیم ہے۔

(2) اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا (3:90)، ترجمہ: جو لوگ ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے پھر کفر بڑھاتے چلے گئے تو ان کی توبہ ہرگز قبول نہیں ہوگی اور یہی لوگ گمراہ ہیں۔ بیشک جن لوگوں نے کفر اختیار کیا اور کفر کی حالت میں مر گئے تو اگرچہ اتنا سونا بھی کسی کی گلوخلاصی میں دیا جائے کہ زمین بھر جائے تو بھی ہرگز نہیں قبول کیا جائے گا۔ یہی وہ لوگ

